★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | بدھ 11 صفر المظفر 1447ھ، 6 اگست 2025ء، 22 ساون 2082 بکرمی (صفحات 8 قیمت 1 روپے) | شمارہ نمبر 255

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

پنجاب کابینہ اجلاس: متعدد مسودات قوانین اور مالی منظوریوں کی توثیق

قیدیوں کیلئے انڈسٹری قائم کرنیکا فیصلہ

لیبر ورکرز کیلئے 1220 فلیٹس، فلیٹ کی قیمت لینے کی تجویز مسترد، مزید تین ہزار فلیٹس بھی بنیں گے [فلڈ ڈیوٹی کرنیوالے ریسکیو اہلکاروں کیلئے فی کس 50 ہزار کا اعلان

ایل ڈی اے گریڈ 17 افسران کیلئے میڈیکل گرانٹ کی منظوری، لوکم ریکروٹمنٹ ایکٹ 2025، ڈرگز رولز میں ترامیم ایجنڈے کا حصہ

اسلام آباد: گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (این پی) پنجاب کابینہ کے اجلاس میں صنعتی کارکنوں کے لیے 1220 فلیٹس، ملازمین کی رہائش کو تحفظات پیش دینے کی منظوری دے دی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرصدارت صوبائی کابینہ 28 روزہ اجلاس ہوا، اس میں متعدد اہم امور پر غور کیا گیا، صوبائی وزراء، مشیران اور معاونین خصوصی سمیت دیگر نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب میں صنعتی ورکرز کے لیے فلیٹس دینے کی منظوری دی گئی، لیبر کمپلیکس سندر، قصور، لیبر ایکٹ (بقیہ نمبر 1)

غزہ کی پٹی میں صیہونی بربریت کا بازار گرم، مزید 87 فلسطینی شہید، 644 زخمی

غزہ: (دنیانیوز) غزہ پٹی میں صیہونی بربریت کا بازار گرم، اسرائیلی وزیراعظم کا منی جنوں نہ ہو سکا، 24 گھنٹے میں مزید 87 فلسطینی شہید، 644 زخمی ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق صیہونی (بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ میناریٹی کارڈ اسکیم کیلئے 52 کروڑ 50 لاکھ کے فنڈز جاری

بجٹ آن لائن جاری، محکمہ انسانی حقوق کو اقلیتوں کی امداد کیلئے 20 کروڑ کی گرانٹ

وزیراعلیٰ اسکیم کے تحت اقلیتوں کو مالی ریلیف کی فراہمی کا عمل جلد شروع کیا جائے گا

لاہور (ڈیلی این ایس) محکمہ خزانہ پنجاب نے وزیراعلیٰ میناریٹی کارڈ اسکیم کے لیے 52 کروڑ 50 لاکھ روپے کے فنڈز جاری کر دیے ہیں۔ یہ رقم اقلیتی برادری کے مالی تحفظ اور سہولیات (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت اجلاس ہو رہا ہے

یوم استحصال کشمیر: بھارت کیخلاف قرارداد منظور

امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر، صدر مملکت

وزیراعظم کا غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ

کشمیری عوام کو اپنے ہی وطن میں بے اختیار کمیونٹی بننے کا خطرہ لاحق ہے' آصف زرداری' بھارت کا غیر قانونی اور ناجائز قبضہ علاقائی عدم استحکام کی بنیادی وجہ ہے' شہباز شریف

کشمیری بہن بھائیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، آزادی لوحِ تقدیر پر ثبت ہو چکی ہے: مریم نواز' پاک فوج کے سربراہان کا یوم استحصال پر کشمیری عوام سے بھرپور اظہار یکجہتی

یوایے امی میں شدید گرمی کی لہر، پارہ 51 ڈگری سے بھی تجاوز کر گیا

دبئی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 45 ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا ہے

ایوٹیسی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں ان دنوں شدید گرمی کی لہر جاری ہے۔ دبئی کے مختلف ممالک کی طرح متحدہ عرب امارات میں بھی شدید گرمی ریکارڈ کی جا رہی ہے۔ فلیج ٹائمز (بقیہ نمبر 9)

مودی سرکار نے دہاڑ، جبر اور طاقت کے ذریعے کشمیریوں کی شناخت، آزادی اور جمہوری حقوق سلب کیے

محسن نقوی

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ مودی سرکار نے مقبوضہ کشمیر کو انسانی حقوق کا قبرستان بنا دیا۔ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا دن مقبوضہ جموں و کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب (بقیہ نمبر 10)

لاہور: اپوزیشن ارکان پنجاب اسمبلی کی سیڑھیوں پر احتجاج کر رہے ہیں

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے، صدر مملکت

کشمیری عوام کو اپنے ہی وطن میں بے اختیار کمیونٹی بننے کا خطرہ لاحق ہے' صدر کا یوم استحصال کے موقع پر پیغام

آج بھارت کے 5 اگست 2019ء کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو چھ سال مکمل ہو رہے ہیں، علی زرداری نے یوم استحصال کے موقع پر جاری اپنے پیغام میں کہا کہ آج بھارت کے 5 اگست 2019ء کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو چھ سال مکمل ہو رہے ہیں، اس دن بھارت نے اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر دی تھی۔ آصف علی زرداری نے کہا (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد (خبر نگار) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ کشمیری عوام کو اپنے ہی وطن میں بے اختیار کمیونٹی بننے کا خطرہ لاحق ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم استحصال کے موقع پر پیغام میں کہا کہ آج بھارت کے 5 اگست 2019ء کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو چھ سال مکمل ہو (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کشمیریوں کے ساتھ پاکستانی عوام کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم استحصال کے سے پیغام میں بھارت کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کی شدید مذمت کی، انہوں نے کہا کہ یوم استحصال (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری چینی فرم کی طرف سے لیزآف اینٹیٹ (LOL) پر دستخط کرتے ہوئے دیکھ رہے ہیں

ملک بھر کی طرح نیلم میں بھی 05 اگست "یوم استحصال کشمیر" یوم سیاہ کے طور پر منایا گیا

نیلم (این این آئی) ملک بھر کی طرح نیلم میں بھی 05 اگست "یوم استحصال کشمیر" یوم سیاہ کے طور پر منایا گیا۔ اس حوالے سے مرکزی احتجاجی ریلی اٹھ مقام جبکہ جوہڑ، شاردہ، سیل اور کرشی میں (بقیہ نمبر 7)

روسی صدر پیوٹن کا بڑا اقدام، روس نے خطرناک ہتھیاروں پر پابندی ختم کر دی

امریکا نے آئی این ایف معاہدے سے 2019 کے اوائل میں یکطرفہ نکلنے کا اعلان

سابق سوویت یونین کے لیڈر میخائل گورباچوف اور سابق امریکی صدر رونالڈ ریگن نے 1987 میں آئی این ایف معاہدے پر دستخط کیے تھے

ماسکو (این این آئی) روس نے واضح کر دیا ہے کہ دباؤ زمین سے دسوائے اور کم فاصلے تک مار کرنے والے میلک اور کروز میزائلوں کی تیاری، جانچ اور تعیناتی پر کسی پابندی کا پابند (بقیہ نمبر 13)

مودی کے بھجن بجیں گے، بھارت کا یوم استحصال پر کشمیریوں کو طنز

جموں میں 5 اگست کو یوم استحصال کے سلسلے میں یونیورسٹی میں ایک پروگرام کا انعقاد

جموں (این این آئی) صدر ریاست جموں و کشمیر اور وزیراعظم آزاد حکومت جموں و کشمیر کے وژن کے عین مطابق اور وائس چانسلر آزاد (بقیہ نمبر 11)

سیاسی رہنماؤں کی سزاؤں کے خلاف ہیں، مذاکرات سے ہی مسائل کا حل نکل سکتا ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے اپوزیشن کو دعوت دی (بقیہ نمبر 12)

مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی لوحِ تقدیر پر ثبت ہو چکی ہے

مریم نواز شریف

بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کے غیور، بہن بھائیوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہوں برصغیر میں مستقل امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے، کشمیری، بہن بھائیوں پر آزادی کا سورج طلوع جلد ہوگا

بھارتی مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ عالمی ضمیر پر سوال ہے، بھارتی مظالم پر عالمی برادری کی بے حسی اور مجرمانہ خاموشی تاریخ کا سیاہ باب ہے، یوم استحصال پر پیغام

لاہور (خبر نگار) وزیراعظی پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی لوح تقدیر پر ثبت ہو چکی ہے، برصغیر میں مستقل امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے، کشمیری بہن بھائیوں پر آزادی کا سورج طلوع جلد ہوگا۔ بھارتی مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ عالمی ضمیر پر سوال ہے، مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی مظالم پر عالمی برادری کی بے حسی اور مجرمانہ خاموشی تاریخ کا سیاہ باب ہے۔ انہوں نے یوم استحصال کشمیر پر اپنے خصوصی پیغام میں حق خود ارادیت کی جدوجہد میں کشمیری بہن بھائیوں کی قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتی ہوں، پانچ اگست (بقیہ نمبر 16)

پی ٹی آئی احتجاج کی کال، لاہور پولیس نے 10 ہزار اہلکار تعینات کر دیے

اہم شاہراہیں، چوراہے، حساس مقامات پر اینٹی رائیٹ فورس الرٹ، سیف سٹیز کے ذریعے نگرانی احتجاج کی کوشش پر فوری کارروائی، درجنوں پی ٹی آئی کارکن حراست میں لے لیے گئے، پولیس ذرائع

لاہور (ڈیلی این ایس) تحریک انصاف کی جانب سے مکمل احتجاج کے پیش نظر لاہور پولیس نے سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق شہر بھر میں (بقیہ نمبر 17)

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر عابد رضا بخاری ایوان اوقاف میں یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

پانچ اگست یوم استحصال کشمیر لیہ ویلی میں بھی بھرپور انداز میں منایا گیا

لیہ ویلی (این این آئی) پانچ اگست یوم استحصال کشمیر لیہ ویلی میں بھی بھرپور انداز میں منایا گیا ہے بازار لیہ میں ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی میں بلدیاتی نمائندگان، انجمن تاجران سیول سوسائٹی وکلا تحصیل انتظامیہ اور دیگر نے شرکت کی (بقیہ نمبر 18)

حکومت ماحولیاتی تحفظ کے لیے سنجیدہ نظر آتی ہے، لاہور ہائیکورٹ

جسٹس شاہد کریم کی زیرصدارت سماعت، درختوں کی حفاظت اور کینال روڈ کو فوری ماحولیاتی تحفظ دینے کی ہدایت

عدالت کا ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کہ پالیسی ون منظوری کی صورت میں عدالت میں پیش کرنے کی ہدایت

لاہور (ڈیلی این ایس) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ کے تدارک سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے ریمارکس دیے کہ کیا (بقیہ نمبر 19)

یوم استحصال کشمیر: رت اب بے نقاب ہو چکا، عطا اللہ درر

آج کا دن تاریخ کے سیاہ ترین دنوں میں گنا جائے گا، کشمیر کا مقدمہ پاکستان لڑتا رہا ہے اور لڑتا رہے گا! ہم کشمیری، بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے

پنجاب پولیس کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش کرتی ہے، آئی جی پنجاب

ڈاکٹر عثمان انور نے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کی مذمت کی، فول پروف سیکورٹی کی یقین دہانی

یوم استحصال کشمیر پر ریلیوں اور پروگراموں کی سیکیورٹی کیلئے 10 ہزار سے زائد پولیس اہلکار تعینات ہیں، ترجمان

لاہور (ڈیلی این ایس) انسپکٹر جنرل (آئی جی) پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ پنجاب پولیس مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی عظیم جدوجہد آزادی کو سلام پیش کرتی ہے اور کشمیری دہائیوں سے جاری بھارتی ناجائز قبضے کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ اپنے بیان میں آئی جی پنجاب نے کہا (بقیہ نمبر 30)

اسرائیلی وزیراعظم کی فوجی آپریشن میں توسیع، غزہ کی پٹی پر مکمل قبضے کا ناپاک فیصلہ

غزہ (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے غزہ میں فوجی آپریشن کو وسعت دینے اور غزہ کی پوری پٹی پر قبضہ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ (بقیہ نمبر 20)

گودی میڈیا نے ٹرمپ کو ذہنی مریض، خود پسند اور نااہل قرار دینا شروع کر دیا

ٹرمپ کی جانب سے بھارت پر جرمانہ عائد کرنے کا عندیہ دیے جانے کے بعد گودی میڈیا بوکھلاہٹ کا شکار ہو گیا

نئی دہلی (این این آئی) امریکی صدر کی جانب سے بھارت پر جرمانہ عائد کرنے کا عندیہ دیے جانے کے بعد گودی میڈیا بوکھلاہٹ کا شکار ہو گیا جب کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی بھارت کے (بقیہ نمبر 2)

مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے 6 سال مکمل، یوم استحصال منایا گیا

5 اگست کے مودی حکومت کے یکطرفہ اقدامات کا مقصد جموں و کشمیر کو زبردستی ضم کرنا اور اس کے مسلم اکثریتی تشخص کو مٹانا تھا

آپریشن بنیاد المرصوص میں عشروں بعد بطور قوم ہمیں کامیاب ملی کہ ہمارا دشمن کیا پوری قوم حیران ہے

سرکردہ (این این آئی) ملک بھر کی طرح سرکودھا میں یوم استحصال کشمیر پورے قومی جوش و جذبے سے منایا گیا جس میں بھارت کی فاشسٹ حکومت کی جانب سے کشمیریوں کے 2019 سے جاری استحصال کے خلاف منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کشمیر جہانزیب اعوان نے کہا کہ بھارت (بقیہ نمبر 31)

پنجاب بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 1,403 ٹریفک حادثات، 7 افراد جاں بحق

حادثات میں 1,668 افراد زخمی 734 کو فوری اسپتال منتقل کیا گیا، ریسکیو 1122 نے بروقت کارروائی کی

لاہور میں 221 ٹریفک حادثات 260 افراد زخمی 158 شدید زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا گیا، ترجمان ریسکیو لاہور (ڈیلی این ایس) پنجاب بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1,403 ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے جن میں 7 افراد جاں بحق اور 1,668 افراد زخمی ہوئے۔ ریسکیو 1122 نے فوری ریسپانس دیتے ہوئے بروقت طبی امداد اور اسپتال منتقلی کی خدمات انجام دیں۔ ریسکیو ترجمان (بقیہ نمبر 33)

بٹیاں بالا پل بازار پر ٹھیک 10 بجے سائرن بجا کر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی

جہلم ویلی (این این آئی) 5 اگست 2025 آزاد کشمیر بھرکی طرح ضلع جہلم ویلی میں بھی یوم استحصال کشمیر بھرپور انداز میں منایا (بقیہ نمبر 32)

پہلگام فالس فلیگ، بھارت کا پاکستان پر الزام تراشی کا بیانیہ ایک بار پھر بے نقاب ہو گیا

پاکستانی ٹیکٹ چیکنگ اور ٹھوس شواہد کے بعد بھارت اپنے دعوؤں سے راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور ہو گیا

نئی دہلی (این این آئی) پہلگام فالس فلیگ واقعے کے بعد پاکستان کی جرفیکٹ چیکنگ کے نتیجے میں بھارت اپنے ہی دعوے سے پیچھے ہٹ گیا۔ بھارتی ہیڈ کوارٹر انٹیگریٹڈ ڈفینس (بقیہ نمبر 24)

کراچی: پیپلز پارٹی کے سینٹر رضا ساجد قیصر میں بیٹھ میاں ضارب بانی پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

امریکا نے سیاحوں پر سخت ویزا شرط عائد کر دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے سیاحتی اور کاروباری ویزوں پر امریکا آنے والے بعض ممالک کے شہریوں کے لیے (بقیہ نمبر 23)

اسرائیلی حکومت نے بھی مودی سرکار کو بڑا جھٹکا دیدیا

تل ابیب۔ جی دہلی (این این آئی) اسرائیلی حکومت نے مودی سرکار کو بڑا جھٹکا دیدیا، بھارت میں سب سے بڑے سرکاری (بقیہ نمبر 25)

سوڈان میں قحط نے بھوکے شہریوں کو گھاس چارہ کھانے پر مجبور کر دیا

دارفر (این این آئی) سوڈان کے جنگ زدہ شہر الفاشر میں قلت شدت اختیار کر گیا خوراک کا ذخیرہ ختم ہونے کے قریب خشک شیریں بھوک مٹانے کے لیے جانوروں کے چارے پر گزارا کر (بقیہ نمبر 26)

کراچی (سندھ) کے سینئر وزیر شبیل انعام میمن ریڈ لائن پی آئی منصوبے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تربیلا ڈیم 94 فیصد، منگلا ڈیم 61 فیصد بھر چکا

تربیلا ڈیم کا لیول 1544 فٹ، منگلا 1203.25 فٹ پر پہنچ گیا

کوہ سلیمان، ڈی جی خان کے برساتی نالوں میں بہاؤ نہیں، پی ڈی ایم اے کی صورتحال پر مکمل نظر ہے، ترجمان

لاہور (ڈیلی این ایس) محکمہ پی ڈی ایم اے (پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی) کے ترجمان کے مطابق تربیلا ڈیم 94 فیصد اور منگلا ڈیم 61 فیصد تک بھر چکا ہے، جب کہ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق تربیلا ڈیم کی زیادہ سے زیادہ (بقیہ نمبر 28)

خواتین گھروں تک محدود نہ رہیں، ملک کی ترقی میں کردار ادا کریں: گورنر پنجاب

گورنر ہاؤس کے دروازے تاجر برادری کیلئے ہر وقت کھلے ہیں، خواتین کیلئے روزگار کے مزید مواقع دیے جائیں گے

پڑھی لکھی خواتین معاشی، تجارتی میدان میں آگے آئیں، گورنر پنجاب کا وومن چیمبر وفد سے خطاب

لاہور (ڈیلی این ایس) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی پڑھی لکھی خواتین کو صرف گھروں تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ ملک کی ترقی میں فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ گورنر پنجاب نے یہ بات وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری گجرات کے ایک نمائندہ وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ وفد کی قیادت صدر چیمبر صائمہ سرفراز اور تاجر رہنما وقار ایوب بٹ نے کی۔ ملاقات میں ملکی معیشت، کاروبار اور خواتین کے کردار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر نے کہا کہ سیاست، تجارت اور (بقیہ نمبر 29)

لاہور: وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری یوم استحصال کے حوالے سے ریلی کی قیادت کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کے تمام کارڈز ناکام ہو چکے، اب صرف ناکامی کا ڈبہ بچا ہے

ہم مذاکرات کیلئے تیار، بانی صرف ان سے بات کرنا چاہتے ہیں جو پی ٹی آئی سے بات نہیں کرنا چاہتے

پی ٹی آئی کا ماضی اور حال ہے مگر اس جماعت کا کوئی سیاسی مستقبل نہیں رہا، سینئر رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ پی ٹی آئی کی تحریک ایک دن کے احتجاج میں بدل چکی ہے، تمام کارڈز ناکام ہو چکے، پی ٹی آئی کے پاس اب صرف ناکامی کا ڈبہ بچا ہے، عمران خان اپنی بانی ہوئی تباہی کی سرنگ میں داخل ہو چکے ہیں جس سے نکلنے کی کوئی راہ نہیں، ہم مذاکرات کے لیے تیار ہیں لیکن بانی صرف ان سے بات کرنا چاہتے ہیں جو پی ٹی آئی سے بات نہیں کرنا چاہتے۔ ایک انٹرویو میں (بقیہ نمبر 27)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

چین کی برقی گاڑیاں بنانے والی کمپنی کے یورپ میں 10 سال مکمل

میونخ، جرمنی (شہوا) برقی گاڑیاں بنانے والی چینی کمپنی این آئی او نے یورپ میں اپنے 10 سال مکمل ہونے کی تقریب منائی۔ اس موقع پر کمپنی نے گزشتہ ایک دہائی کے دوران اپنی ٹیکنالوجی میں ترقی، بنیادی سہولتوں کی تعمیر اور علاقائی شراکت داریوں کو اجاگر کیا، جو یورپ میں نقل و حمل کے شعبے میں اس کی بڑھتی ہوئی موجودگی کی علامت ہے۔ کمپنی نے یورپ میں صدر دفتر اور عالمی ڈیزائن سٹریٹیجی کے علاقے میں قائم کیا تھا، جو اب یورپ بھر میں بیٹری تبدیل کرنے کے 60 سٹیشنز چلا رہی ہے۔ کمپنی یورپ میں 20 این آئی او ہاؤسز بھی چلا رہی ہیں، جو ایسے مراکز ہیں جہاں شوروم، لاؤنجز اور سہولیات کے لئے سہولیات ایک ہی جگہ پر دستیاب ہیں۔ کمپنی دنیا بھر میں مکمل خودکار بیٹری تبدیل کرنے کے تقریباً 35 سو مراکز چلا رہی ہے۔ یورپ کے نائب وزیر داخلی ہیورٹ آنیگر نے کمپنی کی نئی سوچ اور علاقے میں طویل عرصے سے کی گئی سرمایہ کاری کی تعریف کی۔ انہوں کہا کہ ہم ایسی کمپنیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں جو داخلی معیار کی چیزیں بناتی ہیں اور مقامی ترقی میں کردار ادا کرتی ہیں۔ بہترین نتائج ہمیشہ منصفانہ مقابلے سے حاصل ہوتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جرمنی کو اپنی صنعت کو مضبوط بنانے کے لئے اصلاحات، نئی سوچ اور باہمی تعاون پر توجہ دینی چاہیے۔ میونخ کے محکمہ اقتصادی ترقی کے سربراہ کورٹ کیپ نے این آئی او کو علاقے میں کام کرنے والی چینی کمپنیوں میں ایک مثالی رہنما قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آغاز سے ہی اس کمپنی نے یہ مثال قائم کی ہے کہ کس طرح چینی اور یورپی کاروباری ثقافتیں کامیابی سے ایک دوسرے میں ضم ہو سکتی ہیں۔ این آئی او یورپ کا عالمہ صدر ڈاکٹر ہوانگ نے یورپ سے واضح کاری عالمی سطح کی اختراعی کوششوں کے لئے ایک مرکزی مقام کی حیثیت رکھتا ہے۔

امریکہ میں داخلے کے لئے ویزا اور خواست دہندگان سے 15 ہزار امریکی ڈالر کی خطیر رقم کی تیاری

نیویارک (شہوا) امریکی محکمہ خارجہ ایک آزمائشی پروگرام شروع کرنے جا رہا ہے جس کے تحت کاروباری یا سیاحتی ویزا حاصل کرنے والے غیر ملکی شہریوں کو امریکہ میں داخلے کے لیے 15 ہزار امریکی ڈالر کی خطیر رقم جمع کروانے کی شرط عائد کی جا سکتی ہے۔ امریکی فیڈرل رجسٹری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے ایک پیشگی نوٹس کے مطابق ویزا بائپاٹ پائلٹ پروگرام 12 ماہ کا مصوبہ ہے، جس کے تحت قونصل خانے کے افسران مخصوص کاروباری اور سیاحتی ویزا درخواست دہندگان سے 15 ہزار، 10 ہزار یا 5 ہزار امریکی ڈالر کی خطیر رقم طلب کر سکتے ہیں۔ نوٹس کی سرکاری اشاعت کے 15 دن بعد یہ پروگرام نافذ العمل ہوگا۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ یہ حکمتیں ان مسافروں سے طلب کی جا سکتی ہیں جو ان ممالک سے تعلق رکھتے ہیں جنہیں امریکی محکمہ خارجہ ویزے کی مدت سے زیادہ قیام کی بلند شرح یا ناکافی جانچ اور تصدیق کے خطرات والے ممالک کے طور پر شمار کرتا ہے۔ نوٹس میں متاثرہ ممالک کے نام شامل نہیں کئے گئے تاہم کہا گیا ہے کہ ان ممالک کی فہرست آئندہ ان نوٹس شائع کی جائے گی اور اس کے موثر ہونے سے کم از کم 15 دن پہلے دستیاب ہوگی۔ یہ تجویز ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ٹرمپ انتظامیہ ویزا پالیسیوں کو مزید سخت کر رہی ہے۔ گزشتہ ہفتے محکمہ خارجہ نے اعلان کیا تھا کہ ویزا کی تجدید کرانے والے بہت سے درخواست دہندگان کو اب انسانی انٹرویو دینا ہوگا جو پیچیدہ ضروری نہیں تھا۔

سرکاری ملازمین کا معاشی احتصال کے خلاف 7 تحریک سے پنجاب بھر احتجاج کا اعلان، آگیا پنجاب

ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں احتجاج کے بعد 18 ستمبر کو مرکزی ملازمین لاہور میں جمع ہونا شروع کر دیں گے۔ مظاہرین، پالیسی اور اراکین

30 فیصد دسمبر کی الاؤنس ندینا اور لیبلیٹیز، پنشن کو ریگولیٹری ملازمین کا معاشی قتل ہے۔ رانا ثناء اللہ، کاشف شہزاد

لاہور (خبرنگار) آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پنجاب کے اجلاس میں شرکاء خالد سنگھیڑہ، پروفیسر فائزہ رحمٰن، ڈاکٹر طارق علیم، رانا لیاقت، ضیاء اللہ نیازی، کاشف شہزاد بھرگڑ، عثمان بھاچھر، پروفیسر عارف محبوب، فیاض گیلانی، چوہدری صفدر، آزاد گجر، مرزا طارق، ممتاز کھوکھر، احمد گجر، چوہدری عباس، اذرومجی، سوجوان، سید مدثر دیگر نے کہا کہ حکومت سرکاری ملازمین کا معاشی قتل سے بچنے نہیں بٹ رہی اور مسلسل ملازمین کا معاشی احتصال کیا جا رہا ہے صوبہ پنجاب کے ملازمین کو 30 فیصد دسمبر کی ریڈکشن الاؤنس نہیں دیا گیا بلکہ بزرگ پنشنرز کو 3 جبکہ بیوہ پنشن میں 5 فیصد اضافہ دیا گیا جبکہ مریم نواز صاحبہ نے وزیر اعلیٰ بنتے ہی پہلے وعدہ کیا تھا کہ منصب سنبھالتے ہی سرکاری ملازمین کی خبشہ ہوئیہ لیبلیٹیٹ سمجھا کروں گی۔ لیکن اب ریگولیٹری اتھارٹیز کو پنشن کی ادائیگی کا پابند کیا جا رہا ہے جس کے نتیجے میں ملازمین کو 30 فیصد کی کٹوتی کا سامنا ہے۔ یہ اقدام نہ صرف ناانصافی ہے بلکہ ریٹائرڈ ملازمین کے لئے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ حکومت کو فوری طور پر اس ظلم کا ازالہ کرنا چاہیے۔ ہم 30 فیصد کٹوتی کو مسترد کرتے ہیں اور 30 فیصد کی بحالی تک احتجاج جاری رکھیں گے۔ مقررین نے کہا کہ ملازمین کو ریگولیٹری اتھارٹیز کے ذریعے ہراساں کیا جا رہا ہے۔ ہم اس ظلم کو برداشت نہیں کریں گے۔ ہم ریگولیٹری اتھارٹیز کو خبردار کرتے ہیں کہ وہ ملازمین کے حقوق کو پامال کرنا بند کریں۔ ہم ملازمین کو ہراساں کرنے کی پالیسی کو مسترد کرتے ہیں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 6 اگست 2025ء

کمشنر و ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کا ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ

وارڈز میں سہولیات کی دستیابی و آپریشنل ہونے، صفائی ستھرائی، ڈاکٹرز و طبی عملہ کی ڈیوٹی روسٹر کے مطابق موجودگی، ٹراما سنٹر، او پی ڈی، ایمرجنسی ادویات کی مفت فراہمی کا بھی جائزہ لیا

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ، ہسپتال کے تمام شعبوں کا معائنہ کیا، وارڈز میں سہولیات کی دستیابی و آپریشنل ہونے، صفائی ستھرائی، ڈاکٹرز و طبی عملہ کی ڈیوٹی روسٹر کے مطابق موجودگی، ٹراما سنٹر، او پی ڈی، ایمرجنسی ادویات کی مفت فراہمی کا بھی جائزہ لیا۔ محکمہ صحت، ہیلتھ کیئر کمیشن کے ایس او پیز پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا۔ ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی، طبی سہولیات، ڈاکٹرز کی طرف سے چیک اپ اور صحت کی سہولیات کے معیار بارے مریضوں اور ان کے اٹینڈنٹس سے استفسار کیا گیا۔ انہوں نے کہا صحت کا شعبہ نہ صرف وزیر اعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیحات میں بلکہ ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کی بھی اولین ترجیح ہے۔

جشن آزادی کے موقع پر زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں: چوہدری نثار گجر

موجودہ موسمی حالات کے پیش نظر مضبوط شجرکاری ناگزیر ہے: شہباز علی قادری

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جشن آزادی کے موقع پر زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں موجودہ موسمی حالات کے پیش نظر مضبوط شجرکاری ناگزیر ہے پاکستان کا قومی رنگ سبز ہے اور جشن آزادی کے موقع پر ہر طرف ہرا بھرا ماحول ہوتا ہے 14 اگست کی مناسبت سے پودے لگا کر ماحول کو قدرتی طور پر ہرا بھرا کیا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن کے رہنما چوہدری نثار احمد گجر اور شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ موسم کی شدت میں اضافے سے ہمیں سنگین نتائج بھگتنا پڑ رہے ہیں شدت میں کمی کیلئے شجرکاری مضبوط اور بہترین ذریعہ ہے آئیں سب مل کر جشن آزادی کے موقع پر شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور پاکستان کو سرسبز و شاداب بنائیں۔

جہلم اور گردونواح کی ورکشاپس، ہوٹلز، دکانوں پر چائلڈ لیبر ایکٹ کی کھلے عام دھجیاں اڑائی جانے لگیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم اور گردونواح کی ورکشاپس، ہوٹلز، دکانوں پر چائلڈ لیبر ایکٹ کی کھلے عام دھجیاں اڑائی جانے لگیں، غربت کے ہاتھوں تنگ لوگ کم سن بچوں سے محنت مزدوری کرانے پر مجبور، بڑھتی ہوئی غربت اور مہنگائی نے سفید پوش شہریوں سے جینے کا حق بھی چھین لیا متوسط اور غریب طبقہ کے لوگ گھروں کا چولہا جلانے کے لئے اپنے کم عمر اور کم سن بچوں کو سکولوں اور کالجز میں پڑھانے کے بجائے انہیں محنت مزدوری کے لئے شہر و گردونواح میں قائم ورکشاپوں، دکانوں اور ہوٹلوں پر مزدوری کرانے پر مجبور ہو چکے ہیں غربت کے باعث ہوٹلوں اور ورکشاپوں میں کم عمر بچے مزدوری کرتے دکھائی دیتے ہیں۔

جہلم 5 اگست یوم استحصال کشمیر پر احتجاجی ریلی کا انعقاد

ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس اور ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو نے کی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم 5 اگست یوم استحصال کشمیر پر احتجاجی ریلی کا انعقاد۔ ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس اور ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو نے کی۔ ریلی میں ضلع بھر کے سرکاری محکموں، شہریوں اور سماجی و سیاسی شخصیات نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے پاکستان زندہ باد، کشمیر بنے گا پاکستان کے نعرے لگائے۔۔ ریلی ڈپٹی کمشنر جہلم آفس سے پریس کلب جہلم تک منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے کہا کہ کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے۔ بھارت نے 5 اگست کو کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے گھناؤنا جرم کیا۔ کشمیریوں بھائیوں کی آزادی کے لئے قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈی پی او جہلم طارق عزیز سندھو نے کہا کہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر کے بھارت نے دنیا بھر میں رسوائی کمائی۔ کشمیر میں ظلم و بربریت کا سلسلہ ستر سالوں سے جاری ہے بھارتی اوچھے ہتھکنڈوں کے باوجود ساری دنیا کے امن پسندوں کا مطالبہ کشمیر کی آزادی ہے،

محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام برتھ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹس کے قواعد میں حالیہ ترامیم کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام برتھ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹس کے قواعد میں حالیہ ترامیم کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں اسسٹنٹ کمشنر بھوآنہ سعدیہ جمال، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی معیز حسنین، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ظفر عباس گلوتر، پرنسپل گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول لیاقت علی ہرل سمیت تحصیل بھر کے لوکل گورنمنٹ سیکرٹریز، نکاح رجسٹرارز اور شہریوں نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ظفر عباس گلوتر نے ترمیم شدہ قواعد کی تفصیل بیان کرتے ہوئے کہا سیکرٹری یونین کونسل کو اب ایک سال کے اندر پیدائش اور وفات کے سرٹیفکیٹس کے اندراج کا اختیار حاصل ہوگا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ملک بھر کی طرح ضلع شیخوپورہ میں بھی یوم استحصال کشمیر کو قومی جوش و جذبے سے منایا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ملک بھر کی طرح ضلع شیخوپورہ میں بھی یوم استحصال کشمیر کو قومی جوش و جذبے سے منایا گیا، ضلع بھر میں یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے تقریبات اور ریلیوں کا اہتمام کیا گیا ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ضلع کونسل ہال میں مرکزی تقریب اور ریلی کا اہتمام کیا گیا جس کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو شیخوپورہ عثمان جیلیس نے کی، مرکزی ریلی ضلع کونسل ہال سے شروع ہو کر یادگار چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی اور بھارتی مظالم کے خلاف نعرے درج تھے یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب اور ریلی میں ضلعی افسران و اہلکاران، تاجر برادری، سیاسی و سماجی شخصیات، طلبہ سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو شیخوپورہ عثمان جیلیس نے مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہمارا یہاں اکٹھے ہونے کا مقصد کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور ان کی غیر مشروط حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرنا ہے، آج ہم اقوام عالم کو یہ بات باور کروانا چاہتے ہیں کہ خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مسئلہ کشمیر کا فوری حل نہایت ضروری ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو عثمان جیلیس نے کہا کہ 5 اگست 2019 کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، پاکستان کی عوام اہل کشمیر کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ہندوستان کی ظالمانہ پالیسیوں کی مذمت کرتے ہیں

عوامی لیڈر صرف عمران خان قائد کو رہا کیا جائے: چوہدری عامر فاروق باجوہ

پی آئی نہ پہلے کمزور تھی نہ اب کمزور ہے کارکن منظم ہیں آمرانہ روش جنون اور جذبے کو ماند نہیں کر پائے گی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عوام نے بڑی تعداد میں نکل کر بتا دیا ہے کہ لیڈر صرف عمران خان قائد کو رہا کیا جائے قوم عمران خان کی بے بنیاد گرفتاری کی مذمت کرتی ہے تمام تر رکاوٹوں کے باوجود عوام احتجاج کیلئے باہر نکلی حکمرانوں کو شرم کرنی چاہیے زور زبردستی کے فیصلے زیادہ دیر تک نہیں چل سکتے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی نہ پہلے کمزور تھی نہ اب کمزور ہے کارکن منظم ہیں آمرانہ روش جنون اور جذبے کو ماند نہیں کر پائے گی ہمارا امن جابر اور جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہے جس کیلئے آخری سانس تک کوششیں جاری رکھیں گے عمران خان عالمی لیڈر ہیں موجودہ حکومت قائد اور جماعت سے خوفزدہ ہے ایک ایک ظلم کا حساب لیا جائے گا۔

کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے تصویری نمائش اور ایک منٹ کی خاموشی کا اہتمام کیا گیا

کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کی طویل داستان کو اب ختم ہو جانا چاہیے: ڈی پی او ساہیوال

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) پنجاب آرٹس کونسل ساہیوال ڈویژن کے زیر اہتمام یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے تصویری نمائش اور ایک منٹ کی خاموشی کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر الرحمٰن نے نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ※※ کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کی طویل داستان کو اب ختم ہو جانا چاہیے۔ عالمی برادری کو اس انسانی المیے پر سنجیدہ کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ کشمیریوں کو ان کا حق خود ارادیت مل سکے ※※ انہوں نے کہا کہ تصویری نمائش بھارتی ریاستی جبر و ستم کی جیتی جاگتی تصویر ہے جو دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں نے اپنی آزادی کے حصول کے لئے جو قربانیاں دی ہیں وہ تاریخ کا حصہ ہیں۔ 5 اگست وہ سیاہ دن ہے جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی حیثیت ختم کی اور بین الاقوامی قوانین کو پس پشت ڈالتے ہوئے غیر قانونی، غیر آئینی اور غیر اخلاقی قدم اٹھایا۔ ڈی پی او رانا طاہر الرحمٰن نے کہا کہ ہم ہر سطح پر مظلوم کشمیریوں کی آواز بنیں گے اور بحیثیت قوم مقبوضہ جموں و کشمیر میں سنگین انسانی المیہ کے شکار مسلمانوں کے لئے ہر پلیٹ فارم پر ان کا مقدمہ پیش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں ظلم کا جو بازار گرم کر رکھا ہے اس کا اسے جواب دینا پڑے گا تقریب میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کیپٹن (ر) اسامہ مجید، اے ڈی سی جنرل نیاز احمد مغل، اے سی ساہیوال ماہم واحد، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق، ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی سمیت فنکار، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ آرٹس کونسل کے جاری کردہ آزادی سمر کیمپ میں شریک بچوں نے بھی کشمیری شہداء کی یاد میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی۔

یومِ استحصال کشمیر ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی کی زیر صدارت ریلی کا انعقاد

کشمیریوں سے اظہارِ یکجہتی کیلئے ڈپٹی کمشنر کی زیر قیادت ضلع کچہری سے ریلی نکالی گئی، تقریب میں ضلعی انتظامیہ، سول سوسائٹی، طلبہ، شہریوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) 5 اگست یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی زیر صدارت کچہری چوک سیالکوٹ میں ایک باوقار اور پرجوش مرکزی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ضلعی انتظامیہ، سول سوسائٹی، طلبہ، شہریوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے اور کشمیر کے ترانے سے کیا گیا، جس کے بعد سائرن بجایا گیا اور کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے اپنے خطاب میں کہا کہ 5 اگست 2019 کا دن کشمیریوں کے استحصال اور انسانی حقوق کی پامالی کا سیاہ باب ہے۔ بھارت نے آرٹیکل 370 اور 35A کو ختم کر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں، دوطرفہ معاہدوں اور عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیریوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہے اور کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے غیر قانونی اقدامات اور کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کا نوٹس لے اور مقبوضہ وادی میں انسانی حقوق کی بحالی کو یقینی بنائے۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر، ایس ڈی ای او پیر احمد افضل سکھیرا، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن ملک اعجاز حسین اور سی ای او ایجوکیشن مجاہد حسین علوی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی و ایس ایچ او سول لائن میاں محمد رزاق بھی موجود تھے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر آفس میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی جہاں ملک و قوم کی سلامتی، کشمیر کی آزادی اور امتِ مسلمہ کی سربلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ریلیاں، تقریری مقابلے اور مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا تاکہ نوجوان نسل میں کشمیریوں سے یکجہتی اور تحریکِ آزادی کشمیر سے متعلق شعور اجاگر کیا جاسکے۔

پنجاب کالج یونیورسٹی کیمپس کے زیر اہتمام جشن آزادی پاکستان کے سلسلہ میں ہفتہ آزادی تقریبات کا آغاز کر دیا گیا

افتتاح دائریکٹر ایڈمنسٹریشن پنجاب کالجز گوجرانوالہ محمد شہزاد رفیق نے پاکستانی پرچم فضا میں لہرا کر کیا اور کیک بھی کاٹا

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) پنجاب کالج یونیورسٹی کیمپس کے زیر اہتمام جشن آزادی پاکستان کے سلسلہ میں ہفتہ آزادی تقریبات کا آغاز کر دیا گیا جس کا افتتاح دائریکٹر ایڈمنسٹریشن پنجاب کالجز گوجرانوالہ محمد شہزاد رفیق نے پاکستانی پرچم فضا میں لہرا کر کیا اور کیک بھی کاٹا۔ اس موقع پر ڈین یونیورسٹی کیمپس شاہد سلیم خواجہ، ہیڈ بی ایس پروگرامز نسیم اختر، اساتذہ اور پاکستانی رنگوں میں ملبوس طلبہ کی کثیر تعداد بھی موجود تھی یونیورسٹی کیمپس کے پنڈال کو خوبصورت جھنڈیوں اور سبز و سفید غباروں سے خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا تھا جبکہ اس موقع پر فضا میں غبارے بھی چھوڑے گئے۔ طلبہ کا جوش و جذبہ دیدنی تھا۔ پنڈال پاکستانی نغموں اور ترانوں سے گونج اٹھا۔ طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن پنجاب کالجز محمد شہزاد رفیق نے کہا کہ علم اور قلم کی طاقت سے ہم ہر محاذ پر جیت سکتے ہیں اس لئے طلبہ کو پاکستان کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے تعلیم پر خصوصی توجہ دینا چاہیے انہوں نے کہا کہ اسلاف نے یہ وطن بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا ہے اس لئے نوجوانوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس کی حفاظت کیلئے اپنا تن من دھن قربان کر دیں۔

فیصل آباد میں ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان (SAP-PK)، جرمن انٹرنیشنل کوآپریشن (GIZ) اور سدھار کے اشتراک سے شاندار ثقافتی تقریب کا انعقاد کیا گیا

یہ تقریب سماجی رویوں میں تبدیلی کی مہم (Social Behavior Change Campaign 2024) کا حصہ تھی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد میں ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان (SAP-PK)، جرمن انٹرنیشنل کوآپریشن (GIZ) اور سدھار کے اشتراک سے شاندار ثقافتی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب سماجی رویوں میں تبدیلی کی مہم (Social Behavior Change Campaign 2024) کا حصہ تھی، جس کا مقصد مقامی سطح پر مثبت سماجی تبدیلی کے ذریعے خواتین کی معاشی بااختیاری کو فروغ دینا تھا۔ تقریب میں صدیق اکبر پروگرام مینیجر GIZ، چوہدری احسان الحق، دائریکٹر سوشل سیکورٹی نارتھ، رائے یسین کھرل ڈائریکٹر لیبر ایسٹ، حمزہ اعوان ڈائریکٹر سوشل سیکورٹی ایسٹ، محبہ احمد ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان، پروین لطیف ویمن ورکرز الائنس، بابا لطیف انصاری چیئرمین پاکستان لیبر قومی موومنٹ، سمیعہ سدھار سوسائٹی، اور اقبال پس بلک سکول 66 دھاندرہ کے بچوں نے ملی نغمے پیش کیے، سول سوسائٹی کے نمائندوں، نوجوانوں، خواتین اور بچوں نے بڑے جوش و خروش سے شرکت کی۔ مختلف ثقافتی سرگرمیوں، تھیٹر، موسیقی اور شاعری کے ذریعے نہ صرف علاقائی ثقافت کو اجاگر کیا گیا بلکہ معاشرتی ہم آہنگی کا خوبصورت مظاہرہ بھی دیکھنے کو ملا۔ SAP-PK سے (---)، سدھار سے (----) نے، W E (ویمن ایمپاورمنٹ) پروجیکٹ کے مقاصد پر روشنی ڈالی۔ GIZ سے جناب صدیق اکبر نے ٹیکسٹائل انڈسٹری میں خواتین کی شمولیت کی ضرورت پر بات کی، انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ WE پروجیکٹ کا ہدف مقامی کمیونٹیز کی خواتین کے لیے روزگار کی صلاحیتوں اور ملازمت کے مواقع میں اضافہ کرنا ہے۔

صحافی معاشرے کی زبان ہوتے ہیں: صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے چیئرمین چوہدری عابد محمود صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صحافی معاشرے کی زبان ہوتے ہیں۔ صحافی اپنے قلم اور کیمرے کے ذریعے معاشرے کے مسائل کو اجاگر کرنا فرض عین سمجھتے ہیں اور ان کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں، صحافی عوام کی آواز بن کر عام لوگوں کی ترجمانی کرتے ہیں، وہ عام لوگوں کی آواز ارباب اختیار تک پہنچانے کا بھرپور کردار ادا کرتے ہیں متاثرین کی توقعات اور خواہشات کو موثر انداز سے پیش کر کے مظلوم کے کندھے کے ساتھ کندھا ملا کر کھڑے ہونے کو اپنے لیے اعزاز سمجھتے ہیں صحافی اپنی جان خطرے میں ڈال کر معاشرے کے ناسوروں کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں، صحافت ایک مقدس پیشہ ہے اور ایک اچھے صحافی کی پہچان ہی اسکی مثبت صحافت ہوتی ہے

اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے اپنی قراردادوں پر عمل درآمد کروائے، چوہدری مستقیم مہار

بھارت نے 5 اگست 2019ء کو اپنے آئین کی دفعات 370 اور A-35 کو ختم کر کے مقبوضہ جموں و کشمیر کی نیم

سمندری (تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے کہا ہے کہ بھارت نے 5 اگست 2019ء کو اپنے آئین کی دفعات 370 اور A-35 کو ختم کر کے مقبوضہ جموں و کشمیر کی نیم خودمختار حیثیت کا خاتمہ کیا، بھارت کا یہ اقدام محض آئینی تبدیلی نہیں بلکہ ایک سیاسی، معاشرتی، تہذیبی حملہ تھا جس کا مقصد کشمیریوں کی شناخت مٹانا اور خطے میں ہندو آبادی کو بسا کر نیا نو آبادیاتی ماڈل نافذ کرنا تھا، اس غیر آئینی فیصلے کے بعد وادی کشمیر کو مکمل طور پر محصور کر دیا گیا، بھارت کے یہ تمام اقدامات نہ صرف انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ اقوام متحدہ کی ان قرار دادوں کی کھلی توہین بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم استحصال و اظہار یکجہتی کشمیر کے دن کی مناسبت سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے اپنی قراردادوں پر عمل درآمد کروائے اور کشمیری عوام کو ان کی مرضی کے مطابق جینے کا حق دیا جائے۔ مزید کہا کہ قائد عمران خان نے پوری دنیا میں جس طرح کشمیر اور فلسطین کا مقدمہ لڑا تھا اس کی کہیں مثال نہیں ملتی آج پوری دنیا کشمیر اور مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

یہ تقریب سماجی رویوں میں تبدیلی کی مہم (Social Behavior Change Campaign 2024) کا حصہ تھی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد میں ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان (SAP-PK)، جرمن انٹرنیشنل کوآپریشن (GIZ) اور سدھار کے اشتراک سے شاندار ثقافتی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب سماجی رویوں میں تبدیلی کی مہم (Social Behavior Change Campaign 2024) کا حصہ تھی، جس کا مقصد مقامی سطح پر مثبت سماجی تبدیلی کے ذریعے خواتین کی معاشی بااختیاری کو فروغ دینا تھا۔ تقریب میں صدیق اکبر پروگرام مینیجر GIZ، چوہدری احسان الحق، دائریکٹر سوشل سیکورٹی نارتھ، رائے یسین کھرل ڈائریکٹر لیبر ایسٹ، حمزہ اعوان ڈائریکٹر سوشل سیکورٹی ایسٹ، محبہ احمد ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان، پروین لطیف ویمن ورکرز الائنس، بابا لطیف انصاری چیئرمین پاکستان لیبر قومی موومنٹ، سمیعہ سدھار سوسائٹی، اور اقبال پس بلک سکول 66 دھاندرہ

شیخوپورہ میں بھی یوم شہداء پولیس کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے اور شہداء کے ورثاء سے اظہار یکجہتی کیلئے مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا

تقریب میں آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل، ڈی پی او بلال ظفر شیخ، ایس پی انویسٹی گیشن رانا غلام عباس، ایڈیشنل سیشن جج محمد قذافی کی خصوصی شرکت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ میں بھی یوم شہداء پولیس کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے اور شہداء کے ورثاء سے اظہار یکجہتی کیلئے مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل، ڈی پی او بلال ظفر شیخ، ایس پی انویسٹی گیشن رانا غلام عباس، ایڈیشنل سیشن جج محمد قذافی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد عثمان جیلیس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل میاں نذیر احمد، اسسٹنٹ کمشنر سیف الاسلام خٹک، ارکان صوبائی اسمبلی رانا طاہر اقبال، پیر سید اشرف رسول، حسان ریاض، عطیہ افتخار، سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری سردار محمد عرفان ڈوگر، سابق ارکان صوبائی اسمبلی چوہدری محمود الحق شاہین، حاجی محمد نواز، نواز لیک کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ، متحدہ امن کونسل کے عہدیداران و ارکان مولانا عبدالباسط، مولانا عزیز الرحمٰن، مولانا محمد اشرف طاہر، حافظ اشفاق گجر، قاری عابد حسین رضوی، ڈاکٹر قاری فیاض الحسن جمیل الازہری، حاجی محمد اعظم سنگھو، رانا محمد اکرم، حافظ بابر علماء کرام، وکلاء، تاجروں، سول سوسائٹی کے نمائندوں و شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر شہداء کے ورثاء میں گولڈ میڈل بچوں میں لیپ ٹاپ و دیگر تحائف تقسیم کئے گئے جبکہ مختلف بچوں نے شہداء پولیس کی قربانیوں کی یاد تازہ کرنے کیلئے ٹیبلو پیش کئے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل نے کہا کہ پنجاب پولیس عوام کے جان و مال اور عزت و آبرو کے تحفظ جرائم پیشہ افراد کی بیخ کنی کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور اس جدوجہد میں جن پولیس افسران اور جوانوں نے قربانیاں دی ہیں وہ پنجاب پولیس کے ماتھے کا جھومر ہیں اور ان قربانیوں کی بدولت آج معاشرے میں امن قائم ہے پولیس کے جوانوں نے اپنا آج قربان کر کے ہمارے کل کو جس طرح محفوظ کیا اس پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے یوم شہداء پولیس ہر سال منایا جاتا ہے، رانا طاہر اقبال ایم پی اے نے کہا کہ پنجاب حکومت نے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ہر سال یوم شہداء پولیس منانے کی جو روایت قائم کی ہے

مانگا روڈ پر کباڑ خانے میں آگ بھڑک اٹھی، ریسکیو کی بروقت کارروائی سے بڑا سانحہ ٹل گیا

دور دور تک کالے دھوئیں کے بادل چھا گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) مانگا روڈ پر واقع سوشل سیکورٹی ہسپتال کے سامنے کباڑ خانے میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں فضا دھوئیں سے بھر گئی اور دور دور تک کالے دھوئیں کے بادل چھا گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور فائر بریگیڈ کے عملے نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پانے کے لیے فوری اقدامات شروع کر دیے۔ خوش قسمتی سے واقعے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم آگ لگنے کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہو سکیں۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ دھواں اس قدر شدید تھا کہ ارد گرد کی آبادی کے لوگ خوفزدہ ہو کر گھروں سے باہر نکل آئے۔ ریسکیو ٹیمیں اب بھی جائے وقوعہ پر موجود ہیں اور علاقے کو مکمل طور پر کلیئر کرنے کا عمل جاری ہے۔ علاقہ مکینوں نے ریسکیو اہلکاروں کی بروقت آمد اور پیشہ ورانہ کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے اور واقعے کو ممکنہ بڑے سانحے سے بچانے پر ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

یوم استحصال کشمیر کے موقع پر شہر بھر کی طرح لائل پور میوزیم فیصل آباد میں بھی ریلی نکالی گئی

ریلی میں لائل پور میوزیم کے آفیسرز شہناز محمود اور ساجد ستار سمیت دیگر عملہ، لائلپور ریپر ٹیج فاؤنڈیشن کا اسٹاف اور وزیٹرز شامل تھے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر شہر بھر کی طرح لائل پور میوزیم فیصل آباد میں بھی ریلی نکالی گئی شرکاء نے بھارتی غاصبانہ قبضے کے خلاف نعرے لگائے ریلی میں لائل پور میوزیم کے آفیسرز شہناز محمود اور ساجد ستار سمیت دیگر عملہ، لائلپور ریپر ٹیج فاؤنڈیشن کا اسٹاف اور وزیٹرز شامل تھے۔ شرکاء نے بھارتی جارحیت کے خلاف بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اس موقع پر میوزیم فیلڈ آفیسر شہناز محمود کا کہنا تھا کہ 05 اگست 2019 آج کا وہ سیاہ ترین دن جب بھارت بے نہ صرف عالمی قوانین کی دھجیاں بکھیریں بلکہ اپنے آئین کی بھی پامالی کی اس تاریخی قانون شکنی کو 6 سال مکمل ہو چکے ہیں اور مقبوضہ کشمیر ہر اسی بھارتی غاصبانہ قبضے کے خلاف یوم استحصال کشمیر منایا جاتا ہے شہناز محمود کا مزید کہنا تھا کہ ہم بحیثیت قوم پاکستان مقبوضہ کشمیر کے آبادیاتی ڈھانچہ اور سیاسی منظر نامہ تبدیل کرنے کی اس بھارتی سازش کی بھرپور مذمت کرتے ہے۔ میوزیم انچارج ساجد ستار کا کہنا تھا کہ حق خود ارادیت کی اس جنگ میں ہم کشمیریوں کی بھرپور حمایت کرتے ہیں اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ کشمیریوں کے حق خود ارادیت کے اس وعدے اور ذمہ داری کو پورا کرے۔

پاکستان وزیر اعظم شہباز شریف کے وژن کے مطابق کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے

5 اگست 2019 کو بھارت

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

عمران خان کے بیٹوں کے معاملہ میں حکومت کی بے حسی

عمران خان کے دونوں صاحبزادوں سلیمان اور قاسم خان نے لندن کے پاکستانی ہائی کمیشن میں ویزا کی درخواست دی ہے تاکہ وہ اپنے والد سے ملنے کے لیے پاکستان آسکیں۔ تاہم حکومت پاکستان انہیں ویزے جاری کرنے یا ان کی پاکستانی شہریت کے حوالے سے واضح بیان دینے کی بجائے اس معاملہ میں شدید بے حسی اور سفاکانہ رویہ کا مظاہرہ کر رہی ہے۔

اس سے قطع نظر کہ عمران خان سے کوئی جرم سرزد ہوا ہے یا ان کے خلاف قائم مقدمات میرٹ پر ہیں یا سیاسی وجوہات کی بنیاد پر انہیں ناجائز و بے بنیاد الزامات پر سزائیں دلا کر جیل میں قید رکھا گیا ہے، اس معاملہ کا ان کے دونوں بیٹوں کے پاکستان آنے اور اپنے والد سے ملنے پر کوئی اثر مرتب نہیں ہونا چاہیے۔ سلیمان خان یا قاسم خان پاکستانی معاملات میں قطعی طور سے لاتعلق رہے ہیں تاہم یہ فطری امر ہے کہ انہیں اپنے والد کی قید اور ان سے رابطہ میں مشکلات کی وجہ سے تشویش ہے۔ ایک برطانوی صحافی کو انٹرویو دیتے ہوئے دونوں بھائیوں نے بتایا ہے کہ کئی کئی ماہ تک ان کی اپنے والد سے فون پر بات نہیں کرائی جاتی۔ بعض اوقات یوں بھی ہوتا ہے کہ رات گئے فون کر کے بتایا جاتا ہے کہ صبح 9 بجے فون ہوسکتا ہے۔ اس میں اگر اونچ نیچ ہو جائے تو مزید کئی ماہ تک یہ موقع نہیں ملتا۔ دونوں بھائیوں نے دعویٰ کیا کہ مئی کے بعد سے ان کی اپنے والد سے بات نہیں ہوئی۔ اس ماہ کے دوران سلیمان اور قاسم خان نے پہلی بار اپنے والد کی حراست پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے، انہیں انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

سلیمان اور قاسم خان کی طرف سے ہائی کمیشن میں ویزا کے لیے دائر ہونے والی درخواستوں پر وزارت خارجہ یا وزارت داخلہ نے کوئی وضاحت نہیں کی ہے۔ البتہ وزیر مملکت برائے داخلہ امور طلال چوہدری نے اس حوالے سے عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کے مختلف بیانات کے حوالے سے 'ایکس' پر غیر ضروری وضاحتیں کیں اور الزام تراشی کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر سلیمان اور قاسم کے پاس پاکستان کا نائی کوپ ہے تو انہوں نے ویزا کی درخواست کیوں دی ہے۔ کیوں کہ علیمہ خان کسی بیان میں کہہ چکی تھیں کہ یہ دونوں بھائی پاکستانی شہری ہیں اور ان کے پاس حکومت پاکستان کے جاری کردہ نائی کوپ کارڈز ہیں۔ البتہ اب انہوں نے وضاحت کی ہے کہ سلیمان اور قاسم کے نائی کوپ گم ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے انہوں نے پاکستانی سفارت خانہ سے یہ کارڈ جاری کرنے کے علاوہ ویزا کی درخواست دی ہے۔

طلال چوہدری کو اس معاملہ پر حجت بازی کرنے کی بجائے وزیر مملکت برائے داخلہ امور کے طور پر بتانا چاہیے تھا کہ کیا عمران خان کے صاحبزادوں نے کبھی نائی کوپ حاصل کیے تھے۔ اگر سرکاری ریکارڈ کے مطابق انہیں یہ کارڈ جاری ہو چکے ہیں تو حکومت کے لیے انہیں از سر نو جاری کرنا کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔ یوں بھی عمران خان پاکستانی شہری ہیں۔ ان کے بیٹے قانونی طور سے پاکستانی شہری ہیں۔ انہوں نے اگر کبھی اس شہریت کے ثبوت کے طور پر نائی کوپ کارڈ نہیں بھی لیے تو بھی اب ان کی درخواستوں پر یہ دستاویزات جاری ہونی چاہئیں۔ کسی حکومت کو پاکستانی شہری کی اولاد کو ان کے حق شہریت سے محروم کرنے کا حق حاصل نہیں ہے۔ ہر حکومت قانون شکنی کی صورت میں کسی بھی شخص کو گرفتار کر سکتی ہے یا اس کے خلاف کوئی دوسرا قانونی طریقہ اختیار جا سکتا ہے تاہم کسی کی شہریت کے بارے میں شبہات پیدا کرنے کی کوئی بھی کوشش سفاکانہ بے حسی کے مترادف ہے۔

روزنامہ ڈان نے آج یہ خبر بھی دی ہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی ان کے بیٹوں قاسم اور سلیمان سے فون پر بات کروادی گئی ہے۔ عمران خان نے اڈیالہ جیل میں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت کے دوران اپنے بچوں سے رابطے کی تصدیق کی۔ عمران خان نے اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو میں بتایا کہ ان کی اپنے بچوں سے ڈیڑھ گھنٹے ٹیلیفون پر گفتگو کرائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'بچے صرف مجھ سے ملنے پاکستان آئیں گے، میرے بچے سیاست یا احتجاجی تحریک کا حصہ نہیں بنیں گے'۔ اگرچہ اس حوالے سے علیمہ خان نے غیر واضح اور متضاد بیانات دیے ہیں کہ کیا سلیمان اور قاسم پاکستان آ کر کسی احتجاج کی قیادت کریں گے یا صرف اپنے والد سے ملاقات کریں گے۔ تاہم وفاقی وزرا کی جانب سے اس انسانی سوال کو سیاسی بیان بازی کا حصہ بنانے سے گریز کرنا چاہیے تھا۔

طلال چوہدری کی یہ وضاحتیں غیر ضروری ہیں کہ سلیمان اور قاسم خان اگر دوہری شہریت رکھتے ہیں تو ان کے ساتھ پاکستانی شہری کے طور پر سلوک ہوگا اور اگر وہ برطانوی شہری کے طور پر ویزا لے کر پاکستان آتے ہیں تو ان سے غیر ملکی کے طور پر نمٹا جائے گا۔ سوال یہ ہے کہ کوئی وفاقی وزیر کسی شخص کے بارے میں محض قیاسات کی بنیاد پر کیسے بیان بازی کر کے یہ تاثر عام کرنے کی کوشش کر سکتا ہے کہ سلیمان اور قاسم پاکستان آ کر لازمی حکومت کی عائد کردہ پابندیوں کے باوجود احتجاج میں حصہ لیں گے۔ اور اس صورت میں انہیں گرفتار بھی کیا جا سکتا ہے۔

ان دونوں بھائیوں نے دو سال انتظار کے بعد اپنے والد کی گرفتاری پر بیان دیے ہیں اور اڈیالہ جیل میں عمران خان کو حاصل سہولتوں کے بارے میں سوال اٹھائے ہیں۔ حکومت کو یہ پریشانی مثبت طریقے سے دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے تھی اور واضح کرنا چاہیے تھا کہ عمران خان کے بیٹے جب بھی پاکستان آنا چاہیں تو انہیں مکمل سہولتیں فراہم ہوں گی اور ان کی فوری طور سے اپنے والد سے ملاقات کرا دی جائے گی۔ اس کے علاوہ کوئی بھی سرکاری طریقہ غیر انسانی، مسلمہ اصولوں اور قانونی ضابطوں کے خلاف ہے۔ حکومتی وزیروں نے دو ایسے نوجوانوں کے بارے میں قانون شکنی کے اندازے قائم کر کے، درحقیقت عمران خان کی سیاسی مقبولیت و طاقت سے خوف کا مظاہرہ کیا ہے۔

بندن میاں، اسٹیشن اور ریل سے عشق کی تنہائی

انور بھٹی، پنوعاقل

آج بندن میاں کسی جگمگاتے، زندہ دل پلیٹ فارم پر نہیں، بلکہ ایک ویران، زنگ آلود اور خستہ حال ریلوے اسٹیشن پر کھڑے ہیں۔ وہی اسٹیشن جو کبھی زندگی کی علامت ہوا کرتا تھا، جہاں انجن کی آمد کا شور، گارڈ کی سیٹی، مسافروں کی چہل پہل، بچوں کی خوشی، مزدوروں کی محنت، اور افسروں کی حاضری، سب کچھ ہوا کرتی تھی۔ آج وہاں نہ انجن ہے، نہ سیٹی، نہ ہجوم۔ صرف خاموشی ہے، اور بندن میاں کی بے بسی۔

بندن میاں کے ہاتھ میں ایک پرانا قلم ہے، جیب میں بوسیدہ سی نوٹ بک، اور آنکھوں میں نمی۔ آج وہ نہ طنز کریں گے، نہ مزاح بکھیریں گے، بلکہ وہ سچ لکھیں گے۔ ایک ایسا سچ جو میٹھا نہیں، بلکہ زہر سے بھی تلخ ہے۔

جب کوئی بندن میاں سے کہتا ہے کہ یہ سب شہرت کے لیے ہے، کوئی طعنہ دیتا ہے کہ یہ لیڈر بننے کا شوق ہے، تو بندن میاں بس ایک نظر اٹھا کر دیکھتے ہیں اور دھیرے سے کہتے ہیں یار، مجھے صرف لکھنے سے عشق ہے۔ اور جسے عشق ہو، وہ لیڈر نہیں بنتا، وہ تو پٹری پر لیٹ جاتا ہے۔ اس کی تحریریں نعرے نہیں ہوتیں، ماتم ہوتی ہیں۔ بندن میاں کی آواز میں درد اور لہجے میں لرزش ہوتی ہے۔ وہ بولے، یہ معاشرہ۔ اُف! یہ معاشرہ، جیسے کسی نے دل نکال کر برف میں رکھ دیا ہو۔

ان کی نگاہوں کے سامنے وہ مزدور ہوتا ہے، جو رمضان کی تپتی دوپہروں میں پسینہ بہا رہا ہوتا ہے۔ وہی مزدور، جو عید کے دن بھی ڈیوٹی پر ہوتا ہے، تاکہ کوئی اور اپنے پیاروں کے ساتھ خوشیاں منا سکے۔ وہی مزدور، جو چالیس سال سروس کے بعد ایک چھوٹے سے دستخط کا منتظر ہوتا ہے تاکہ پنشن مل سکے، دوا آ سکے، بیٹی کا جہیز مکمل ہو سکے۔

بندن میاں نے ایک دن دیکھا تھا، جب ایک نحیف و ناتواں پینشنر جھکی کمر اور کانپتے ہاتھوں سے منت کر رہا تھا۔ صاحب، دوا کے پیسے نہیں ہیں، خدارا دستخط کر دیں۔ اور جواب میں بابو، پان چباتے ہوئے، ناک سکیڑ کر بولا ابھی فائل نہیں دیکھ رہے، کل آنا۔ یہی وہ لمحے ہیں جب بندن میاں کے قلم سے چیخ نکلتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں یہ صرف نظام کی ناکامی نہیں، عشق کی بے حرمتی ہے۔ وہ افسر جو مزدور کی تنخواہ کو احسان سمجھ کر دیتا ہے، وہ اخلاقی طور پر دیوالیہ ہو چکا ہے۔

ریل، جو کبھی وقت کی پابندی کی علامت تھی، آج فائلوں کی گرد میں دفن ہو چکی ہے۔ وہ ریلوے اسٹیشن، جہاں کبھی زندگی کی رونق تھی، آج ماضی کا مزار بن چکا ہے۔ کھڑکی سے جھانک کر بندن میاں ماضی کے ہجوم کو یادوں کے دھندلے عکس میں تلاش کرتے ہیں۔

آواز آتی ہے:

چلتی ٹرینوں کی خیرات بند ہو گئی، اب صرف دھواں باقی ہے

بندن میاں چیخنا چاہتے ہیں، لیکن جانتے ہیں کہ اب لوگ چیخ بھی سنیں تو ویڈیو بنا کر 'اگلے' پر انگلی رکھ دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں یہ زوال صرف مالی نہیں، یہ روحانی، اخلاقی اور انسانی زوال ہے۔

بعض دوست بندن میاں سے پوچھتے ہیں کیا فائدہ اتنا لکھنے کا؟ کوئی سنتا ہے؟ کوئی مانتا ہے؟ بندن میاں دھیرے سے مسکراتے ہیں اور کہتے ہیں

نہیں سنتے، لیکن اس اُمید سے لکھتا ہوں کہ شاید کبھی کسی دن، کسی ایسے شخص کے ہاتھ میری تحریر لگ جائے، جس کے دل میں احساس باقی ہو۔ شاید کوئی افسر یہ پڑھ کر کسی بیوہ کا چیک روکنے سے پہلے کانپ جائے۔

بندن میاں کا درد لفظوں سے نہیں، جذبات سے نکلتا ہے۔ میرا عشق بھوکا ہے، مزدور فاقے میں ہے، اور دفتر کا افسر اسے نظر انداز کر کے چائے کا آرڈر دے رہا ہے۔ یہ عشق کوئی ہنگامہ نہیں، یہ ایک خاموش عبادت ہے، جو بندن میاں تنہائی میں کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں یہ تحریریں لیڈری نہیں، عشق کی بے قدری کا نوحہ ہیں۔

بندن میاں مانتے ہیں کہ جو معاشرہ سوال سے ڈر جائے، وہ قبرستان ہوتا ہے، شہر نہیں وہ نہ شہرت کے پیاسے ہیں، نہ لیڈر بننے کے امیدوار۔ وہ ایک چھوٹے سے لکھاری ہیں، جنہیں صرف اپنے مزدور سے محبت ہے۔ وہ اپنے قلم کو اللہ کا عطیہ سمجھتے ہیں۔ کہتے ہیں یہ لکھنا عبادت ہے، اور جو عبادت پر بھی تنقید کرے، وہ شاید دل کی حرارت کھو چکا ہے۔

آج بندن میاں کے ہاتھ میں قلم کانپ رہا ہے، مگر چل رہا ہے۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں

عشق سستا نہیں ہوتا، اور ریل کے مزدور کی بھوک صرف روٹی کی نہیں، عزت کی بھی ہوتی ہے۔

ویران اسٹیشن، ٹوٹا بینچ، یادوں کا شور سناتا ہے
بوڑھا پینشنر چپکے چپکے آنسو قلم میں ڈالتا ہے
دفتروں میں فائل زندہ ہے، مزدور اندر مرتا ہے
بندن میاں ہر لفظ سے اک زخم نیا دکھلاتا ہے

کتاب۔ ہماری تہذیبی تنہائی کا آئینہ

حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

کتاب فقط اوراقِ قرطاس کا مجموعہ نہیں، بلکہ یہ انسان کی شعوری ارتقا کا وہ آئینہ ہے جس میں صدیاں جھانکتی ہیں، تہذیبیں ابھرتی اور ڈوبتی ہیں، اور زمانے اپنی خاموش شہادتیں درج کرتے ہیں۔ لیکن جس معاشرے میں کتاب محض نصاب کی قید میں سمٹ جائے، یا الماری کی زینت بن کر رہ جائے، وہاں ذہن بانجھ ہو جاتے ہیں، اور روحیں تشنہ لب۔

چند ماہ قبل ایک ایسی ہی کتاب کی طلب ہوئی جو کسی نادر علمی ذخیرے کی نمائندہ نہ سہی، مگر میرے لیے اس کی اہمیت کسی مخطوطۂ دلنواز سے کم نہ تھی۔ وہ کتاب میرے فکری تشنگی کا مداوا تھی، ایک داخلی خلش کا جواب، اور شاید اپنے وقت کا سامنا کرنے کا ایک ذریعہ۔

چنانچہ ایک عزیز دوست جو پاکستان روانہ ہو رہے تھے، ان سے عرض کی کہ واپسی پر یہ کتاب لیتے آئیں۔ انہوں نے مسکرا کر وعدہ کیا، جیسے کسی معمولی کام کا اقرار ہو۔ مگر واپسی پر وہی معمول کی تاویل سننے کو ملی:

"جی، وہ کتاب دستیاب ہی نہیں تھی۔"

یہ جملہ، جو بظاہر ایک اتفاقی مجبوری کا اظہار تھا، دراصل ہمارے معاشرتی مزاج کا آئینہ تھا۔ میں نے دل کو تسلی دی، ممکن ہے واقعی کتاب نہ ملی ہو۔

کچھ دن بعد ایک اور دوست کا سفر وطن درپیش ہوا۔ ان سے بھی یہی تمنا کی۔ وہ بھی بخوشی آمادہ ہوئے۔ مگر واپسی پر لبوں پر وہی عذر:

"ہمارے شہر میں تو وہ کتاب تھی ہی نہیں۔ شاید کسی بڑے شہر میں مل جائے۔"

یہ سن کر دل میں ہلکی سی جھنجھلاہٹ ضرور ابھری، لیکن خود کو سمجھا لیا کہ چلو، کوئی بات نہیں، اتفاقات بھی تو زندگی کا حصہ ہیں۔

پھر تیسرا موقع آیا۔ یہ دوست نہایت قریبی تھے، میرے ذوق سے آشنا، میرے اشتیاق سے باخبر۔ ان سے توقع کچھ زیادہ تھی۔ انہوں نے وعدہ بھی پُریقین لہجے میں کیا۔ لیکن واپسی پر وہ بھی خالی ہاتھ، اور لہجہ کچھ شرمندہ سا۔ کہنے لگے:

"کوشش کی، مگر بس نہ ہو سکا۔ بعد میں آن لائن دیکھ لیں گے۔"

یہ تین واقعات، تین الگ افراد، تین الگ شہروں سے، لیکن نتیجہ ایک: کتاب نہ ملی۔

لیکن سوال یہ ہے کہ کیا واقعی کتاب دستیاب نہ تھی؟

یا ہمارے معاشرے میں کتاب کی طلب ناپید ہو چکی ہے؟

کیا ہم اس مرحلے پر آ چکے ہیں جہاں کتاب کو اہمیت دینا، اُسے ڈھونڈنا، اُسے خریدنا ایک غیر ضروری مشقت تصور کی جانے لگی ہے؟

کتاب کا نہ ملنا بذاتِ خود کوئی سانحہ نہیں، مگر کتاب کی عدم تلاش ایک فکری سانحہ ضرور ہے۔

جو قومیں کتاب کی طلب سے محروم ہو جاتی ہیں، وہ بالآخر بصیرت سے بھی خالی ہو جاتی ہیں۔

اور جب قومیں بصیرت سے محروم ہو جائیں، تو ترقی محض ایک سراب بن جاتی ہے، اور تہذیب ایک فریب۔

یہ تینوں واقعات میرے لیے محض ذاتی تجربات نہ تھے، بلکہ ایک قومی مزاج کی علامت تھے۔ وہ مزاج جو کتاب سے دور، اور موبائل، اسکرین، اور عارضی تفریحات سے قریب تر ہو چکا ہے۔

کتابیں کبھی ہمارے گھروں کی زینت ہوا کرتی تھیں، اب فیشن میگزین، ریلز اور شارٹ ویڈیوز نے اُن کی جگہ لے لی ہے۔ وہ کتابیں جو کبھی فکری تربیت کا ذریعہ تھیں، اب مہنگے گفٹ شاپس میں نایاب ہو چکی ہیں، یا صرف سجاوٹ کی شے بن کر رہ گئی ہیں۔

المیہ یہ بھی ہے کہ آج ایک اوسط درجے کی کتاب کی قیمت پندرہ سو روپے ہو تو ہم منہ بناتے ہیں، لیکن اسی قیمت کا پیزا شوق سے کھایا جاتا ہے۔ بغیر کسی بحث کے، بغیر کوئی سوال اٹھائے۔

کتاب سے زیادہ مہنگا پیزا بک رہا ہے، اور زیادہ مقبول بھی ہے۔

ہم نے علم کو خواہشات کی فہرست سے نکال دیا ہے، اور شکم پروری کو اپنی اولین ترجیح بنا لیا ہے۔

اب ہم کتابیں "انویسٹمنٹ" نہیں سمجھتے، بلکہ ایک "فالتو خرچ" گردانتے ہیں۔

مجھے اس بات کا افسوس نہیں کہ میرے لیے کتاب نہ لائی گئی۔ مجھے اس بات کا دکھ ہے کہ میرے کسی دوست نے اُسے تلاش کرنا بھی ضروری نہ سمجھا۔

یہی وہ مقام ہے جہاں ہم اجتماعی زوال کی دہلیز پر کھڑے ہیں۔ نہ کتاب پڑھنے والے باقی رہے، نہ کتاب ڈھونڈنے والے۔

یاد رکھئے!

قومیں اسلحے سے نہیں، علم سے بنتی ہیں۔

اور علم کا پہلا زینہ، پہلا چراغ، اور پہلا پیالہ۔ کتاب ہے۔

کتاب سے بے رُخی دراصل فکری خودکشی ہے، جو خاموشی سے ہوتی ہے، اور احساس تک نہیں ہونے دیتی۔

آج اگر ہم نے کتاب کو نہ اپنایا، تو کل کتاب ہمیں چھوڑ دے گی۔ اور جب قومیں کتاب کے بغیر رہ جاتی ہیں، تو صرف کمزور نہیں ہوتیں، بے مقصد ہو جاتی ہیں۔

سوچیے!

کیا آپ بھی ان تین دوستوں میں سے ایک ہیں؟

جو وعدہ کرتے ہیں، مگر کتاب کی تلاش کو فضول مشقت سمجھتے ہیں؟

یا آپ اُن لوگوں میں سے ہیں جو آج بھی کسی کتاب کو ہاتھ میں لے کر اُس کی خوشبو میں تاریخ، تہذیب اور شعور کے رنگ محسوس کر سکتے ہیں؟

کیونکہ اگر آپ کتاب کے دوست نہیں۔ تو کل کا مورخ آپ کا نام لکھنے سے بھی انکار کر دے گا۔

روح کا اعتراف۔ افسانہ

شاہد لطیف

منوڑہ، قیامِ پاکستان سے ہی کراچی کا ایک اہم تفریحی مقام رہا ہے۔ مغل دور میں سندھ کے منتظم، مرزا غازی بیگ نے اِسے پُرتگالیوں کے خلاف ایک مضبوط قلعہ کے طور پر استعمال کیا۔ 1554 میں اِس جزیرہ پر عثمانی بحریہ کے سیدی علی رئیس آئے تھے جس کا ذکر انہوں نے اپنی کتاب 'مراۃ الممالک' میں کیا ہے۔

اِس علاقے میں مسلمان، عیسائی، ہندو اور پارسی ساتھ ساتھ رہتے چلے آ رہے ہیں۔ یہاں اب بھی لوگ اپنے اپنے عقیدوں کے مطابق مساجد، گرجے اور مندر میں عبادت کرتے ہیں۔

پاکستان ٹیلی ویژن کراچی مرکز کے شعبہ پروگرام کے حوالے سے موسیقار کریم شہاب الدین صاحب المعروف کریم بھائی سے بہت اچھی سلام دعا رہی۔ اِن کی دھنوں میں اکثر و پیشتر ایک ساز 'اپ رائٹ ڈبل بیس' استعمال ہوتا تھا جس کو 'باباڈِک' بجاتے تھے۔ وہ کریم بھائی کی آڈیو ریکارڈنگ کے علاوہ اکثر منوڑہ کے ایک قدیم گرجا گھر میں 'کوائر' کی مشق کروانے بھی جاتے۔ مجھے خود بھی موسیقی کا شوق تھا۔ دو تین مرتبہ مجھے بھی باباڈِک کے منوڑہ والے چرچ جانے کا اتفاق ہوا۔

ایک روز چرچ کے دروازے پر میں نے اُن سے پوچھا:

"آپ اتنی دور آتے ہیں ضرور اِس میں کوئی راز ہے۔ دیکھیں نا! ہم بھی اُس مسجد میں جاتے ہیں جو گھر کے قریب ہو اور آپ؟"۔

باباجی نے ہاتھ کے اِشارہ سے مجھے روکا اور کہنے لگے: "صدر کے علاقہ میں چرچ ہیں مگر میں یہاں خاص طور پر اِس لئے آتا ہوں کہ سالوں پہلے اِس جگہ ایک شخص پر خدا کا قہر اُترا تھا۔ اب جب تک میرے دم میں دم ہے میں خدا کو منانے آتا رہوں گا"۔

"باباڈِک اگر آپ مناسب سمجھیں تو مجھے بھی بتائیں"۔

اُنہوں نے جو عبرت انگیز واقعہ سُنایا، وہ آج بھی سُننے سنانے کے لائق ہے:

"60 کی دہائی کے شروع میں اسلم چارلس کی اِس علاقہ میں دکان تھی۔ دکان کے قریب ہی وہ اپنی بیوی ایلس اور ماں کے ساتھ رہتا تھا۔ اُس بدبخت نے اپنی ماں کو قتل کیا اور اِس جُرم میں اُسے پھانسی ہوگئی"۔

"اوہ!"۔ میں نے بے ساختہ کہا۔

"اُس کی اصل کہانی پھانسی کے بعد شروع ہوتی ہے"۔ باباڈِک نے کہا۔

"ارے باپ رے! یعنی مرنے کے بعد؟"۔ میں نے بے چینی سے سوال کیا۔

"اِس افسوسناک قتل کا سبب اُس کی ماں کی رقم تھی"۔ بابا نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا، "مقدمے کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ اسلم پر 350 روپے قرض تھا۔ ایک روز اُس کی بیوی دو تین دِن کے لئے اپنے عزیزوں کے ہاں گئی۔ اِس دوران موقع پا کر اُس نے اپنی ماں کو مار کر پچھلے باغ میں دفن کر دیا اور اُس کے پیسوں پر قبضہ کر لیا جو کافی بڑی رقم تھی"۔

"چونکہ پچھلے کئی سالوں سے ماں بیٹے آپس میں لڑتے رہتے تھے اِس لئے جب اُس کی بیوی واپس آئی تو اسلم چارلس نے یہ کہہ کر اُسے مطمئن کر دیا کہ وہ ناراض ہو کر چلی گئی ہے حالاں کہ اُس کی ماں ماہانہ خرچہ کے لئے اُسے کچھ پیسے دیتی تھی۔ دو دِن پہلے ہی اُس نے کہا تھا کہ اِس بے برکتی والے گھر سے بہتر ہے کہ وہ گرجے کے کوارٹروں میں چلی جائے۔ یہ بات ایلس نے بھی سنی تھی"۔

"بابا جی بہت عجیب کہانی ہے"۔ میں نے کہا۔

"اپنی بیوی کے آنے سے پہلے اُس نے ایک منصوبہ بنایا۔ اپنی ماں کا مختصر سامان لکڑی کے صندوق میں بند کر کے کیماڑی کے ایک گودام میں رکھوا دیا۔ محلہ والوں کو بتایا کہ ماں جھگڑ کر چلی گئی ہے۔ اپنی بیوی کو بھی یہی کہانی سُنائی۔ یہ اِضافہ ضرور کر دیا کہ ماں نے نہیں بتایا کہ وہ کہاں جا رہی ہے۔ اِس کی بیوی ایلس نے اِس بات کو سچ مان لیا۔ کچھ عرصہ تو اُس نے ہوشیاری سے وقت گزارا۔ اُس نے سب کو یہ کہنا شروع کر دیا کہ اُس کا کام بہتر ہو رہا ہے اور ایک مہینہ بعد اپنا قرض اُتار دیا۔ اُس کی چالاکی تب ناکام ہوگئی جب اُس نے بینک میں بجائے اِس کے کہ تھوڑے تھوڑے کر کے پیسے جمع کراتا، اُس نے ساری رقم جمع کرا دی۔ دِل کے چور نے بھی زور دِکھایا کہ باغ میں دبی لاش کا کچھ پکّا کام کیا جائے"۔

"اوہ"۔ میں نے حیران ہو کر کہا۔

"اُس نے ریت مٹی اور پتھروں کی بھری گدھا گاڑی منگوائی اور قبر والی جگہ پر مصنوعی پہاڑی بنانے کا کام شروع کروا دیا۔ یہاں سے خدا کی پکڑ شروع ہوئی"۔

"وہ کیسے؟"۔ میں نے بے تاب ہو کر سوال کیا۔

"جس گودام میں اسلم نے اپنی ماں کا صندوق رکھوایا تھا وہاں آگ لگ گئی۔ اِس صندوق کی بعض اشیاء جلنے سے بچ گئیں۔ خطوط کے لفافوں اور چند کاغذات میں اسلم چارلس کے گھر کا پتہ درج تھا۔ گودام والوں نے ایک نوٹس نما خط اسلم چارلس کی ماں کے نام بھیجا جو اُس کی بیوی نے وصول کیا۔ اِس کا متن تھا کہ کچنی اِس نقصان کا کچھ معاوضہ ادا کرے گی۔ یہ خط اسلم چارلس کے لئے موت کا پروانہ ثابت ہوا"۔

"وہ کیسے؟"۔

"اُس کے پاس اِس بات کا کوئی جواب نہیں تھا کہ اُس کی ماں کی استعمال کی اشیاء گودام کیسے پہنچیں؟ گودام کے ریکارڈ میں وہ صندوق خود اُس نے وہاں رکھوایا تھا۔ تفتیش شروع ہوئی۔ سب سے پہلے ایلس نے ماں بیٹے کے جھگڑوں کے بارے میں بتایا۔ پھر محلے والوں نے آخری جھگڑے کا بتایا جس کا چرچا خود اسلم نے کیا تھا۔ اب اسلم کی نگرانی شروع ہوئی اور اُس کے بینک اکاؤنٹ کا پتا چلا۔

پولیس والوں کو گھر کی تلاشی کے دوران مصنوعی پہاڑی پر شک ہوا۔ کھدائی کے بعد اُس کی ماں کی قبر دریافت ہوگئی اور پولیس اُس کو گرفتار کر کے لے گئی۔ مُقدمہ زیادہ لمبا نہیں چلا۔ ایک بھی ایسا شخص نہیں تھا جسے اسلم چارلس سے ہمدردی ہو۔ فیصلے والے دِن جب جج نے اُسے پھانسی کی سزا سُنائی تو جیسے تمام ماؤں کو انصاف مل گیا"۔

"تمام عدالتی کارروائی کے دوران اسلم چارلس نے بہت بے پروائی کا مظاہرہ کیا۔ اِسی چرچ کے پادری صاحب باقاعدگی سے اُس کے پاس جیل میں جاتے رہے جس چرچ میں وہ عبادت کرنے آتا تھا۔ یہ ہمارا عقیدہ ہے کہ اپنی غلطیاں اور گناہ تسلیم کروا لینے چاہئیں۔ پادری صاحب نے اپنا پورا زور لگایا مگر لگتا تھا کہ اسلم چارلس روز بروز خدا سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ اب تو وہ خدا کا نام یا کتابِ مقدس سے پڑھی جانے کوئی بات سُنتا ہی نہیں تھا اور ہر مرتبہ یہی کہتا کہ میں بے قصور ہوں"۔

"اوہ میرے مالک!"۔ میں نے کہا۔

"پھر وہی ہوا جو ہونا تھا۔ جیل انتظامیہ نے پادری صاحب کو پیغام بھجوایا کہ آج اسلم چارلس کی آخری رات ہے اور اگلی صبح اُسے پھانسی دی جائے گی۔ جب یہ پیغام آیا اُس وقت میں بھی چرچ میں موجود تھا۔ پادری صاحب نے مجھے بھی ساتھ لیا اور ہم کراچی جیل پہنچ گئے۔ میں نے پادری صاحب کا سامان یعنی مُقدس پانی، کتابِ مقدس اور بعض اور ضروری چیزیں اٹھائی ہوئی تھیں۔ وہاں جیل کے ڈاکٹر نے ہمیں بتایا کہ یہ پہلا شخص ہے جو آخری لمحوں میں بھی بھرپور زندگی کا خواہش مند ہے۔ وہ تو دنیا چھوڑنا ہی نہیں چاہتا۔ ڈاکٹر ہمیں لے کر بدنصیب اسلم کے پاس گئے۔ پادری صاحب نے رو کر اُس سے درخواست کی کہ اب جاتے جاتے تو اپنا گناہ تسلیم کر لو اور اپنی روح کو دردناک عذاب سے بچا لو مگر کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا اور ہم واپس آ گئے"۔

"اگلے روز پادری صاحب کو پھانسی کی اطلاع مِل گئی۔ بدنصیبی کی انتہا تھی کہ لوگ اُس کی آخری رُسومات، جنازے اور تدفین میں بھی شرکت کو برا سمجھ رہے تھے۔ لوگوں نے تو پادری صاحب سے یہ بھی پوچھا کہ کیا ایسے سنگ دِل شخص کے لئے سروس اور تدفین بھی ہوتی ہیں؟"۔

"یہ تو واقعی بدنصیبی کی بات ہے"۔ میں بڑبڑایا۔

"تدفین کے بعد پادری صاحب کو ایسا لگا کہ اسلم کی روح اُن کے آس پاس ہی ہے۔ اُس وقت چارلس کو دفن ہوئے آدھا گھنٹا ہو چکا تھا۔ آہستہ آہستہ یہ احساس گہرا ہوتا گیا۔ رات کے کھانے کے بعد وہ کوئی کام بھی پوری توجہ سے نہیں کر سکے۔ رہ رہ کر اُن کو اسلم چارلس کی روح کے عذاب میں ہونے کا خیال آ رہا تھا"۔

"اوہ میرے خدا!"۔ میں نے کہا۔

"میں خود ایسی پراسرار باتوں کا قائل تھا اور پادری صاحب میں اِس قسم کی صورتِ حال کو سمجھنے اور نبٹنے کی اہلیت موجود تھی۔ ایسے وجود جو چھونے یا ٹٹولنے سے معلوم نہ ہو سکیں مگر پادری صاحب ان سے رابطہ کر لیتے تھے"۔

"پادری صاحب کے مطابق ایسا جُرم، دماغ خراب ہونے پر یا بھوک و افلاس کی وجہ سے کیا جاتا ہے۔ اسلم چارلس کو پیسے کی ضرورت ایسی بھی نہیں تھی کہ ماں کو ہی قتل کر دیا جائے۔ اِس جرم کا فوری سبب پاگل پن بھی نہیں تھا۔ وہ ایک صحیح الدماغ شخص تھا اور اس کا یہ جُرم ناقابلِ برداشت تھا۔ اِسی ایک جرم نے اُس کو پستیوں میں گرا دیا۔ پادری صاحب نے چھوٹی موٹی جیلیں کاٹنے والے اب تک جتنے بھی سچے مجرم دیکھے، سب ہی نے اپنے جُرم کا اعتراف کیا تھا۔ اسلم کا یہ واحد کیس تھا جہاں قتل کا مجرم، پھانسی گھاٹ تک اپنے بے قصور ہونے کی رَٹ لگائے جا رہا تھا۔ قانونی اور اخلاقی طور پر اُس کا جُرم ثابت تھا مگر اُس کی تدفین کے بعد بھی پادری صاحب بار بار سوچ رہے تھے کہ کتنا اچھا ہوتا اگر اسلم چارلس اعترافِ جرم کے ساتھ ہلکا پھلکا ہو کر اِس دنیا سے رخصت ہوتا"۔

"پادری صاحب ایک عالم تھے لہٰذا اِن تمام معاملات پر غور و فکر کرنے لگے۔ دفعتاً میز پر رکھے ٹیلی فون کی گھنٹی نے اُن کو چونکا دیا۔ فون کی گھنٹی بہت زیادہ ہلکی تھی جیسے بجلی کا کرنٹ کم ہو گیا ہو یا خود ٹیلی فون سیٹ میں خرابی ہو گئی ہو۔ اُنہوں نے فون اُٹھا کر کان سے لگایا۔ سمجھ میں نہ آنے والی سرگوشی سنائی دی پھر ہر قسم کی آواز ختم ہو گئی۔ وہ میز کے قریب ایک آدھ منٹ کھڑے رہے کہ شاید پھر سے فون آئے مگر صرف کرکری آوازیں آئیں۔ پھر وہ بھی ختم ہو گئیں۔ پادری صاحب نے ریسیور واپس رکھا اور کچھ سوچ کر ایکسچینج میں فون کیا۔

"آپ بتا سکتے ہیں کہ ابھی ابھی مجھے کس نمبر نے فون کیا تھا؟"۔ اُنہوں نے آپریٹر سے سوال کیا۔ وہاں سے بتلایا گیا کہ اُن کو سینٹرل جیل کراچی سے فون کیا گیا تھا۔

"مہربانی کر کے مجھے جیل مِلوا دیں"۔ اُنہوں نے کہا۔

فوراً ہی اُن کو نمبر مِلوا دیا گیا۔

"اُنہوں نے اپنا تعارف کرایا اور پوچھا کیا ابھی آپ نے مجھے فون کیا تھا؟"۔

"کوئی غلط فہمی ہوئی ہے۔ یہاں سے آپ کے ہاں کوئی فون نہیں ہوا"۔ وہاں سے جواب دیا گیا۔

"مگر ایکسچینج والے کہہ رہے ہیں کہ آپ کے نمبر سے 3 منٹ قبل مجھے فون کی

انٹرنیشنل

یوکرین کے شہر کیف: ہنگامی کارکنان کثیر المنزلہ رہائشی مکان کے قریب ایک تباہ شدہ کار کا معائنہ کر رہے ہیں

آسٹریلیا، شدید برف باری نے دو دہائیوں کا ریکارڈ توڑ دیا

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کے مشرقی علاقے میں شدید برف باری نے دو دہائیوں کا ریکارڈ توڑ دیا ہے، متعدد حادثات بھی رپورٹ ہوئے ہیں۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق بارشوں کے بعد سڑکیں، گاڑیاں اور گھر برف سے ڈھک گئے، سیکڑوں گاڑیاں سیلاب میں پھنس گئیں۔ ہزاروں گھروں کی بجلی منقطع ہوگئی جبکہ امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ یہ شمال مغربی خطے کے کچھ حصوں میں 20 سالوں میں سب سے زیادہ برف باری ہوئی ہے۔ ریاست کوئنز لینڈ کے ایک علاقے میں 10 برسوں بعد پہلی بار برف پڑی ہے۔

نیویارک میں فائرنگ کے واقعے کے بعد ایک پولیس افسر گلی میں کھڑا ہے

اسپین کا یورپ کی تاریخ کا سب سے سستا ویزا متعارف کروادیا

غیر یورپی شہریوں کیلئے ویزا صرف 21 ہزار پاکستانی روپے میں دستیاب ہے، رپورٹ

میڈرڈ (این این آئی) یورپ کے خوبصورت ملک اسپین نے سب سے سستا ویزا متعارف کروادیا ہے جسے صرف 21 ہزار پاکستان روپے میں حاصل کیا جا سکے گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسپین کا یورپ کے خوبصورت لیکن مہنگے ترین ممالک میں شمار ہوتا ہے۔ اسپین نے غیر یورپین افراد کے لیے یورپ کی تاریخ کا سب سے سستا ویزا متعارف کروایا ہے جس کی فیس صرف 75 ڈالر (21 ہزار روپے پاکستانی) ہے۔ اسپین کی جانب سے نیا ڈیجیٹل نومیڈ ویزا متعارف کروایا گیا ہے، یہ ویزا ان غیر یورپی ریموٹ ورکرز کے لیے ہے جو اسپین میں ایک سال یا اس سے زائد مدت تک رہنا اور کام کرنا چاہتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ اسپین کے اسٹارٹ اپ ایکٹ کے تحت شروع کیا جانے والا ڈیجیٹل نومیڈ ویزا عالمی ٹیلنٹ اور ریموٹ پروفیشنلز کو راغب کرنے کے لیے ہے جو روایتی ورک پرمٹ کے مقابلے میں سستا اور آسان ہے۔ یہ ویزا حاصل کر کے غیر یورپی افراد اسپین میں رہائش کے ساتھ ساتھ غیر ہسپانوی کلائنٹس یا کمپنیوں کے لیے بھی کام کرسکیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسپین کا ڈیجیٹل نومیڈ ویزا صرف غیر یورپی شہریوں کے لیے ہے، ویزا ہولڈرز کو ریموٹ کام کرنا ہوگا۔ ویزہ ہولڈرز یا تو کسی غیر ہسپانوی کمپنی کے ملازم کے طور پر کام کرسکیں گے یا تو وہ خودمختار پروفیشنلز کے طور پر کام کریں گے۔ اس ویزے کے حصول کے خواہشمند افراد کے لیے شرط رکھی گئی ہے کہ اس کی 80 فیصد آمدنی اسپین سے باہر کے ذرائع سے ہونی چاہیے جبکہ ویزے کے بعد آپ کو اپنے کلائنٹس یا کمپنی کے ساتھ کم از کم تین ماہ کام کرنا ہوگا۔ اس کے علاوہ ایک شرط یہ بھی ہے کہ ویزا ہولڈرز کی کمپنی یا کاروبار کم از کم ایک سال سے چل رہا ہو۔ اسپین کے ڈیجیٹل نومیڈ ویزے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ یورپ کا سب سے سستا ویزا ہے جو صرف 75 ڈالر (پاکستانی 21 ہزار روپے) میں آفر کیا جارہا ہے، اس ویزے کا حصول

اسرائیلی وزیر بن گویر کا مسجد اقصیٰ پر دھاوا: یسرائیل کاٹ کا القدس پر کنٹرول بڑھانے کا مطالبہ

اسی تناظر میں بن گویر نے مقبوضہ بیت المقدس میں 'جبل ہیکل' کے دورے کے دوران غزہ کی پٹی پر دوبارہ قبضے کا مطالبہ کیا

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) مقبوضہ بیت المقدس میں اسلامی اوقاف کی کونسل نے بتایا ہے کہ 1251 آبادکاروں نے مسجد اقصیٰ پر دھاوا بول کر اشتعال انگیز مارچ کیا۔ دوسری طرف اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے مسجد اقصیٰ سمیت مشرقی القدس پر اسرائیل کا کنٹرول بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ دنیا بھر میں اسرائیل سے نفرت کرنے والے ہمارے خلاف فیصلے اور احتجاج جاری رکھے ہوئے ہیں اور ہم القدس پر اپنی خودمختاری کو ہمیشہ کے لیے مضبوط کرتے رہیں گے۔ کاٹز کا یہ بیان اسرائیلی وزیر برائے قومی سلامتی انتہا پسند ایتمار بن گویر کے حرم قدسی پر دھاوا بولنے کے بعد آیا، القدس میں اسلامی اوقاف کی کونسل کے مطابق 1251 آبادکاروں، جن کی قیادت انتہا پسند وزیر قومی سلامتی ایتمار بن گویر کر رہے تھے، نے مسجد اقصیٰ پر دھاوا بولا۔ یہ انتہا پسند یہودی زبردستی قبلہ اول میں داخل ہوگئے۔ اوقاف کے مطابق بن گویر نے اسرائیلی لیکود پارٹی کے رکنِ پارلیمنٹ امیت ہالیوی کے ساتھ آبادکاروں کے ایک اشتعال انگیز مارچ کی قیادت کی۔ انہوں نے بتایا کہ آبادکاروں نے مسجد کے تمام حصوں میں تلمودی رسومات ادا کیں۔ رقص کیے اور نعرے بازی کی۔ اوقاف نے مزید بتایا کہ گزشتہ آدھی رات کے بعد انتہا پسند بن گویر نے مشرقی القدس کے قدیم شہر میں آبادکاروں کے ایک اشتعال انگیز مارچ کی قیادت کی۔ اس دن کو یہودی 'ہیکل کی تباہی' کی یادگار کے طور پر مناتے ہیں۔ انتہا پسند ہیکل کی تنظیموں نے مسجد اقصیٰ میں بڑے پیمانے پر داخلے کا مطالبہ کیا تھا۔ اس کا مقصد 'ہیکل کی تباہی' کی یادگار کو منانا تھا۔ القدس کے گورنریٹ کے مطابق اس سال یہ یادگار مسجد اقصیٰ کے لیے سب سے خطرناک دنوں میں سے ایک ہے کیونکہ ہیکل گروپس نے 3 اگست کو سب سے بڑا دھاوا بولنے کی منصوبہ بندی کی تھی۔ یہ دھاوا مذہبی اور قانونی ریڈ لائنز کو توڑنے پر مشتمل ہے۔ یہودیوں کے اس دھاوے کو اسرائیلی حکومت کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ یہ کشیدگی ایک بے مثال اشتعال انگیز ماحول کے ساتھ ہوئی کیونکہ یہ واقعہ بن گویر کی طرف سے پولیس افسران کو آبادکاروں کو مسجد اقصیٰ کے اندر رقص اور گانے کی اجازت دینے کی ہدایات کے چند ہفتوں بعد پیش آیا، اس قدم کا مقصد طاقت کے ذریعے نئی صورتحال نافذ کرنا ہے خاص طور پر گزشتہ مئی میں بن گویر کے مسجد اقصیٰ میں داخلے کے دوران دیے گئے عوامی بیان کے بعد صورت حال مزید خراب ہوگئی ہے۔ بن گویر نے کہا تھا کہ 'جبل ہیکل' میں نماز پڑھنا اور سجدہ کرنا اب ممکن ہے۔ یہ موجودہ صورتحال کی واضح اور خطرناک خلاف ورزی ہے۔ اسی تناظر میں بن گویر نے مقبوضہ بیت المقدس میں 'جبل ہیکل' کے دورے کے دوران غزہ کی پٹی پر دوبارہ قبضے کا مطالبہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران جاری کردہ ایک ویڈیو پیغام میں بن گویر نے ہفتے کے روز غزہ میں اسرائیلی قیدیوں کی جاری کی گئی فوٹیج کا حوالہ دیا اور کہا کہ حماس اس کا استعمال اسرائیل پر دباؤ ڈالنے کے لیے کر رہی ہے۔ بن گویر نے کہا کہ اسرائیل کو آج پوری غزہ کی پٹی پر قبضہ کر لینا چاہیے اور مکمل خودمختاری کا اعلان کر دینا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فلسطینی باشندوں کو رضاکارانہ طور پر ہجرت کرنے کی ترغیب دی جانی چاہیے۔ اسرائیل پر اکثر ناقدین کی طرف سے غزہ کی پٹی میں "نسلی صفائی" کی پالیسی پر عمل کرنے کے الزامات لگائے جاتے ہیں جن کی اسرائیلی حکومت تردید کرتی ہے۔

مودی راج کا ووٹر وار، ہندوتوا کا نیا ہتھیار، بہار میں مسلم ووٹرز کا منظّم اخراج

مودی کا الیکشن پلان بے نقاب ہوگیا، بہار میں الیکشن سے قبل لاکھوں اقلیتی ووٹرز کو فہرست سے باہر کردیا گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں ووٹ مانگنے سے پہلے ووٹر ہی مٹا دیے گئے جب کہ مودی راج میں اقلیت ہونا سب سے بڑا جرم بن چکا ہے۔ مودی کا الیکشن پلان بے نقاب ہوگیا جب کہ ووٹر لسٹ سے اقلیتوں کا منظّم اخراج جاری ہے، بہار میں الیکشن سے قبل لاکھوں اقلیتی ووٹرز کو فہرست سے باہر کردیا گیا۔ ہندوتوا ایجنڈے کے تحت بہار میں ایس آئی آر کے نام پر ووٹر لسٹ کی چھانٹی کرتے ہوئے لاکھوں مسلمانوں، دلتوں اور غریبوں کو فہرست سے باہر کردیا گیا۔ بہار میں مسلم اکثریتی اضلاع سے ووٹرز کے ناموں کا بڑے پیمانے پر اخراج کردیا گیا، اقلیتی آبادی والے اضلاع میں ووٹر لسٹ سے ناموں کی غیر معمولی کٹوتی کی گئی، الیکشن کمیشن کے مطابق بہار کے 10 اضلاع میں سب سے زیادہ ووٹرز کو فہرست سے نکال دیا گیا ہے۔ مدھوبنی، مشرقی چمپارن، پورنیہ اور ستمرھی جیسے مسلم اکثریتی اضلاع میں ووٹر لسٹ سے ہزاروں نام غائب ہیں، اپوزیشن کے الزام پر ایس آئی آر کے ذریعے اقلیتوں اور غریبوں کو ووٹر لسٹ سے نکالا جا رہا ہے، مدھوبنی میں 3,52,545 فارم جمع نہ ہونے پر ووٹرز کی ممکنہ فہرست سے اخراج کیا گیا۔ مشرقی چمپارن میں 3,16,793، پورنیہ میں 2,73,920 اور ستمرھی میں 2,44,962 فارم واپس نہ آئے، فارم کی عدم وصولی کا مطلب ووٹر لسٹ سے ممکنہ اخراج ہے، دیگر متاثرہ اضلاع میں پٹنہ، گیا، گوپال گنج، سارن، مظفر پور اور سمستی پور شامل ہیں۔

مقبوضہ مغربی کنارے میں تلکرم کے قریب نورشمس پناہ گزین کیمپ میں ایک خاتون ملبے پر سے گزر رہی ہے

ہم جان بوجھ کر قیدیوں کو بھوکا نہیں رکھ رہے، القسام بریگیڈز

غزہ (این این آئی) فلسطینی تنظیم حماس کے عسکری ونگ القسام بریگیڈز کے ترجمان نے کہا ہے کہ تنظیم اس بات کے لیے تیار ہے کہ وہ ریڈ کراس کی امداد غزہ میں موجود قیدیوں تک پہنچا دے، بشرطیکہ اسرائیل مستقل طور پر انسانی راہ داریاں کھول دے اور قیدیوں کو امدادی پیکج پہنچاتے وقت ہر قسم کی فضائی پروازیں بند کردے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ القسام بریگیڈز قیدیوں کو دانستہ طور پر بھوکا رکھنے کی پالیسی نہیں اپنائی۔ ادھر القسام بریگیڈز نے تین زبانوں (عربی، عبرانی اور انگریزی) میں ایک وڈیو جاری کی ہے، جس میں اسرائیلی قیدی آفیطار ڈیوڈ کو انتہائی کمزور حالت میں دکھایا گیا ہے، جس کے جسم کی ہڈیاں نمایاں ہوچکی ہیں۔

Caceres، سپین شہر کے فائر فائٹرز Cerro de los Pinos جنگل کی آگ کے دوران شعلوں سے لڑ رہے ہیں

قوت SPORTS

اینڈھوون: فلپس سٹیڈیون میں PSV اور گو آگے ایگلز کے درمیان جوہان کروزف سکال میچ میں فتح کے بعد جشن منا رہے ہیں

اُمید ہے کہ ٹیم اپنی کامیابیوں کا تسلسل برقرار رکھے گی، محسن نقوی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے بھی قومی کرکٹ ٹیم کو ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹی 20 سیریز جیتنے پر مبارکباد دی ہے اور اس کامیابی کو بہترین ٹیم ورک اور عزم کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری اپنے پیغام میں محسن نقوی نے قومی ٹیم کی بھرپور کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے لکھا کہ کھلاڑیوں نے بین الاقوامی سطح پر بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کا نام روشن کیا، اُمید ہے کہ ٹیم اپنی کامیابیوں کا تسلسل برقرار رکھے گی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں ایک شاندار ٹیم ورک، عزم اور جذبہ دیکھنے کو ملا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لڑکوں نے بین القوامی سطح پر ملک کا سر فخر سے بلند کیا۔

لندن، انگلینڈ کے کھلاڑی ہیری بروک بیٹنگ کر رہے ہیں

تیسرے ٹی ٹوئنٹی میں ویسٹ انڈیز کو شکست، پاکستان نے سیریز اپنے نام کرلی

190 رنز کے ہدف کے جواب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 6 وکٹوں کے نقصان پر 176 رنز بنا سکی، 13 رنز سے جیت

لاؤڈر ہل (این این آئی) پاکستان نے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں ویسٹ انڈیز کو شکست دے کر سیریز اپنے نام کر لی۔ امریکی ریاست فلوریڈا کے شہر لاؤڈرہل میں کھیلے گئے میچ میں 190 رنز کے ہدف کے جواب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 6 وکٹوں کے نقصان پر 176 رنز بنا سکی اور یوں پاکستان نے میچ 13 رنز سے جیت لیا۔ پاکستان کی جانب سے حسن علی، حارث رؤف، صائم ایوب، سفیان مقیم اور محمد نواز نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ قومی ٹیم نے صائم ایوب اور صاحبزادہ فرحان کی شاندار نصف سنچریوں کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 189 رنز اسکور کیے۔ صاحبزادہ فرحان 74 اور صائم ایوب 66 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ حسن نواز 15 اور محمد حارث 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ خوشدل شاہ 11 اور فہیم اشرف 10 رنز کے ساتھ ناقابل شکست رہے۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے جیسن ہولڈر، روسٹن چیز اور شمار جوزف نے ایک ایک وکٹ لی۔ اس سے قبل پاکستان نے ویسٹ انڈیز کے خلاف تیسرے ٹی ٹوئنٹی میں ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا تھا۔ امریکی ریاست فلوریڈا کے شہر لاؤڈرہل میں پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان 3 میچز پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز کے فیصلہ کن میچ میں پاکستان کے کپتان سلمان علی آغا نے ٹاس جیتا۔ تیسرے اور آخری ٹی ٹوئنٹی کیلئے پاکستان ٹیم میں 2 تبدیلیاں کی گئی تھیں۔ قومی ٹیم میں شاہین آفریدی کی جگہ حارث رؤف اور فخر زمان کی جگہ خوشدل شاہ کو پلیئنگ الیون میں شامل کیا گیا تھا۔

جوروٹ نے ٹیسٹ کرکٹ میں ایک اور ریکارڈ اپنے نام کرلیا

آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں 6000 رنز بنانے والے پہلے کھلاڑی ہونے کا اعزاز حاصل کیا

انگلش بیٹر نے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے اپنے 69 ویں میچ میں یہ سنگ میل عبور کیا: یادہ سنچریاں بنانے والوں کی فہرست میں سنگا کارا کو پیچھے چھوڑتے ہوئے چوتھے نمبر پر آگئے ہیں

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے مایہ ناز بیٹر جوروٹ نے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں بھارت کے خلاف میچ کے دوران اہم سنگ میل عبور کرلیا۔ 34 سالہ جوروٹ نے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں 6000 رنز بنانے والے پہلے کھلاڑی ہونے کا اعزاز حاصل کیا ہے، جوروٹ نے یہ سنگ میل بھارت کے خلاف جاری پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے آخری میچ میں عبور کیا۔ انگلش بیٹر نے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے اپنے 69 ویں میچ میں یہ سنگ میل عبور کیا، وہ اب تک ہونے والی چاروں چیمپئن شپ میں حصہ لے چکے ہیں۔ اس کے علاوہ جوروٹ نے ایک اور سنگ میل عبور کیا، انہوں نے ٹیسٹ کرکٹ میں اپنی 39 ویں سنچری مکمل کی اور ٹیسٹ کرکٹ میں سب سے زیادہ سنچریاں بنانے والوں کی فہرست میں سنگا کارا کو پیچھے چھوڑتے ہوئے چوتھے نمبر پر آگئے ہیں۔ جوروٹ نہ صرف ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی ہیں بلکہ وہ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں ٹنڈولکر کے بعد دوسرے سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ رکھتے ہیں۔ انہوں نے 158 ٹیسٹ میچز میں 57.49 کی اوسط سے 13 ہزار 543 رنز بنائے ہیں جن میں 39 سنچریاں اور 66 نصف سنچریاں شامل ہیں جبکہ ٹنڈولکر نے 200 ٹیسٹ میچز میں 53.78 کی اوسط سے 15 ہزار 921 رنز بنا رکھے ہیں۔ موجودہ کھلاڑیوں میں صرف آسٹریلیا کے سٹیو سمتھ ہیں جنہوں نے ٹیسٹ کرکٹ میں 10 ہزار 477 رنز بنا رکھے ہیں، جوروٹ کے علاوہ کوئی اور کھلاڑی ٹنڈولکر کے ریکارڈ کے قریب نہیں ہے۔

چیئرمین پی سی بی کی امریکا میں بابر اعظم، رضوان اور نسیم شاہ سے ملاقات

لاؤڈرہل (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے امریکا میں پاکستانی کھلاڑیوں بابر اعظم، محمد رضوان اور نسیم شاہ سے ملاقات کی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی ان دنوں امریکا میں ہیں جہاں انہوں نے فلوریڈا میں پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی دیکھا۔

ہمارا مقصد یہی ہے کہ ورلڈ کپ کو کیسے جیتنا ہے، سلمان علی آغا

دبئی کی کنڈیشنز کافی مختلف ہیں، ان کنڈیشنز کے بعد جب دبئی جائیں گے تو ہمیں اس کا کافی فائدہ ہوگا، جیت کے بعد گفتگو

لاؤڈرہل (این این آئی) پاکستان ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ ہمارا مقصد یہی ہے کہ ورلڈ کپ کو کیسے جیتنا ہے، دبئی کی کنڈیشنز کافی مختلف ہیں، ان کنڈیشنز کے بعد جب دبئی جائیں گے تو ہمیں اس کا کافی فائدہ ہوگا۔ امریکی ریاست فلوریڈا کے شہر لاؤڈرہل میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جتنی بھی سیریز کھیلی ہیں یا آگے کھیلنی ہیں وہ تمام ورلڈ کپ کو مدنظر رکھ کر کھیل رہے ہیں۔ سلمان علی آغا کا کہنا تھا کہ بنگلا دیش کے خلاف ہوم اور اوے سیریز، ابھی ویسٹ انڈیز پھر ٹرائی نیشن اور ایشیاء کپ یہ تمام سیریز ورلڈ کپ کو دیکھ کر کھیل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے آج بولنگ کرنے کا سوچا تھا مگر دو بائیں ہاتھ کے بیٹرز کھیل رہے تھے اور ایک اینڈ سے صائم ایوب کر رہا تھا، دیکھنا ہوتا ہے کہ دونوں طرف سے پریشر کیسے بنا سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سیریز میں صائم ایوب اچھی بولنگ کر رہا تھا، دوسری طرف پریشر بڑھانے کے لیے صفیان مقیم سے بھی بولنگ کروانی تھی، آگے آپ مجھے بولنگ کرتے ہوئے دیکھیں گے۔ قومی ٹیم کے کپتان نے کہا کہ کہہ سکتے ہیں کہ پہلے 2 میچز سے آج کی پچ بہتر تھی، ہم نے سوچا تھا کہ اگر 160 یا 170 کرتے ہیں تو ڈیفینڈ کرلیں گے، جس طرح سے اوپنرز نے آغاز دیا اور ایسا اسٹارٹ ملے تو آپ 180 یا 190 کر لیتے ہیں، اندازہ تھا کہ پاور پلے میں جب گیند پرانا ہوگا تو جتنا بھی اچھا پچ ہو گیند گرپ ضرور کرے گا اور وہی ہوا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ڈیتھ اوورز میں حارث اور صفیان نے جس طرح سے بولنگ کی انہیں کریڈٹ دینا چاہیے، صاحبزادہ فرحان اور صائم ایوب اچھا اسٹارٹ دے رہے ہیں اور دونوں کے لیے خوشی ہے، اُمید کرتا ہوں کہ دونوں آگے بھی ایسی پرفارم دیتے رہیں گے۔

کراچی: حکومت سندھ محکمہ کھیل کی جانب سے "معرکہ حق یوم آزادی" کے عنوان سے منعقدہ اسپورٹس کی تقریبات کے موقع پر بیڈمنٹن کھلاڑیوں کا آفیشلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

فخر زمان انجری کا شکار، دورہ ویسٹ انڈیز سے آؤٹ

لاؤڈرہل (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اوپننگ بیٹر فخر زمان دورہ ویسٹ انڈیز سے آؤٹ ہوگئے۔ رپورٹس کے مطابق فخر زمان ہیمسٹرنگ انجری کی وجہ سے سیریز میں مزید حصہ نہیں لے پائیں گے۔ پاکستانی بیٹر دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ کے 19 ویں اوور میں فیلڈنگ کے دوران انجری کا شکار ہوئے تھے جس کے باعث وہ دورہ ویسٹ انڈیز سے آؤٹ ہوئے۔ فخر زمان آج شام کو فوری وطن واپس آکر این سی اے میں ری ہیب کریں گے۔ جس کے باعث وہ دورہ ویسٹ انڈیز سے آؤٹ ہوئے۔ فخر زمان آج شام کو فوری وطن واپس آکر این سی اے میں ری ہیب کریں گے۔

مونٹیویڈیو: ارجنٹائن اور ریاستہائے متحدہ کے درمیان ویمنز پین امریکن ہاکی کپ 2025 کے فائنل میچ کے دوران امریکہ کی کلیئر ڈاناہی کے ساتھ گیند کے لیے لڑ رہی ہیں

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ملک بھر کی طرح ضلع چکوال میں بھی مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا گیا

اس موقع پر کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے ضلعی و تحصیل سطح پر ریلیاں اور سیمینارز منعقد کئے گئے

چکوال (ایم ایس ملہانی) یوم استحصال کشمیر کو پورے ملک بھر کی طرح ضلع چکوال میں بھی مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ پاکستان بہار فورس کی ریلی جس کی قیادت ڈی پی او بلال بن عبدالحفیظ نے کی میں سی ای او ایچ سی ڈاکٹر محمد عمر ملک، سی او ایچ کومل فیاض پاکستان بہار فورس کے افسران و اہلکاران اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیر پر حملہ آور بھارتی افواج کے ظلم و ستم کے خلاف اور کشمیر کی آزادی کے حق میں نعرے لگائے اور کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیر پر حملہ آور بھارتی افواج کے ظلم و ستم کے خلاف اور کشمیر کی آزادی کے حق میں نعرے لگائے اور کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ ریلی کے شرکاء نے کہا کہ کشمیر کی آزادی کے حق میں ہم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں۔ ریلی کو بلال بن عبدالحفیظ کے زیر سرمایت یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے منعقد کیا گیا جس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پورا پاکستان قوم کشمیر کے ساتھ ہے آزادی اور بہتر حریت وقربانی کو سلام پیش کرتا ہے انہوں نے کہا کہ بھارت دہشت گرد ہے اور بھارت کو بہادر کشمیریوں کے خلاف بربریت کو ختم کرنا چاہئے۔ ڈی پی او

"قوت" کلاسیفائیڈ
RATE CHART
قوت
تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر مستند دعوے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف کھلے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-36360003

1 — تجدید

اور حافظ آباد میں بھی تجدید لیب بنائی جائیں گے۔ ذریعاتی مرکز اور انٹرفیٹ کی بابت پہلے کیس کے لئے ڈاکٹر زاہد ناف کی تعیناتی کی آخر تاریخ ہے۔ ذریعاتی مرکز اور انٹرفیٹ کی بابت پہلے تجربہ انٹرنیشنل کارڈیالوجسٹ کی خدمات طب کریں گے۔ ڈسٹرک میڈیکو لیگل ڈاکٹر ہاسپٹل میں ایف بی آئی ایم ڈی اور امریکن بورڈ آف کارڈیالوجی کی خدمات حاصل کرنے کا حکم دیا۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز پنجاب کے کارڈیالوجسٹ میڈیکل آفیسر، ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ پراسیس کا آغاز کریں گے۔ ذریعاتی مرکز اور انٹرفیٹ کے لئے اضلاع میں جو دو ہیوں ایلیک ٹیکنالوجسٹ اور کیچ لیب ٹیکنالوجسٹ بھی موجود ہوں گے۔ ذریعاتی مرکز اور انٹرفیٹ کے بہتر کارڈیالوجی کی خدمات حاصل کرنے کا حکم دیا۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز پنجاب

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اب کشمیریوں کی آخری امید میں مشعلِ راہ ملک

کشمیر کی تحریک آزادی میں 5 اگست سیاہ ترین دن ہے، دیرینہ تنازعہ کشمیر کے حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا

بھارت نے پہلگام فالز فلیگ آپریشن کا الزام پاکستان پر لگایا اور جنگ چھیڑی، مزارِ قائد پر میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (خبر نگار) لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد عامر نے کہا کہ دیرینہ تنازعہ کشمیر کے حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ہی اب کشمیریوں کی آخری امید ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے قائد ضیاء الدین انصاری نے اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ اپنی متعلقہ قراردادوں کے مطابق تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے عملی اقدامات کرے کیونکہ یہ عالمی ادارے (بقیہ نمبر 38)

لاہور: بھارت نے آرٹیکل 370 اور A-35 کا خاتمہ، مقبوضہ کشمیر کو دنیا کی سب سے بڑی جیل بنا دیا گیا، یوم حقوق کشمیر و فلسطین سیمینار سے قائدین کا خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام "یوم حقوق کشمیر و فلسطین سیمینار" سید مودودی اسلامک سنٹر، لاہور میں منعقد ہوا، جس میں بڑی تعداد میں شہری، سیاسی و سماجی رہنما، علماء کرام اور کارکنان نے شرکت کی۔ سیمینار کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور جناب ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی، جبکہ رہنما جماعت اسلامی آزاد کشمیر عبدالرشید ترابی نے بطور مہمان خصوصی شرکت و خطاب کیا۔ سیمینار میں سکریٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان امیر العظیم، سکریٹری جماعت اسلامی لاہور خالد احمد بٹ، وقاص احمد بٹ، امراء (بقیہ نمبر 40)

لاہور: یوم حقوق کشمیر و فلسطین سیمینار سے رہنما جماعت اسلامی آزاد کشمیر عبدالرشید ترابی خطاب کر رہے ہیں

پنجاب پولیس کشمیر کے عوام کی دلیرانہ جدوجہد کو سلام پیش کرتی ہے، آئی جی پنجاب

پنجاب پولیس گذشتہ کئی دہائیوں سے جاری بھارتی غاصبانہ قبضے، جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کی پرزور مذمت کرتی ہے، آئی جی پنجاب

صوبائی دارالحکومت سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ اور شرپسند و ملک دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کہا کہ پنجاب پولیس مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی دلیرانہ جدوجہد کو سلام پیش کرتی ہے۔ پنجاب پولیس گذشتہ کئی دہائیوں سے جاری بھارتی غاصبانہ قبضے اور جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے عوام گذشتہ کئی دہائیوں سے آزادی، حق خودارادیت اور بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر پر صوبائی دارالحکومت سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ اور شرپسند و ملک دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔ کسی بھی قسم کو قانون ہاتھ (بقیہ نمبر 42)

کراچی: ہلالِ کمیٹ پارکنگ کے قریب عرصہ دراز سے سیوریج کا گندا پانی بہہ رہا ہے جس کی وجہ سے شہریوں کو پریشانی کا سامنا ہے

کراچی، تھانے میں ایک شخص کی ہلاکت، شاہ لطیف تھانے کا ایس ایچ او، ہیڈ محرر سمیت 14 افراد گرفتار

کراچی (این این آئی) تھانے میں ایک شخص کی ہلاکت کے بعد شاہ لطیف تھانے کے ایس ایچ او، ہیڈ محرر سمیت 14 افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کراچی کے شاہ لطیف تھانے میں فائرنگ سے ایک شخص کی ہلاکت کا واقعہ پیش آیا تھا، جس میں تھانے کے ایس ایچ او، ہیڈ محرر سمیت 4 افراد کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ ایس ایچ او سمیت تمام افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

یوم استحصال کشمیر کے سلسلے میں آزاد جموں و کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں احتجاجی ریلی نکالی گئی

مظفر آباد (این این آئی) یوم استحصال کشمیر کے سلسلے میں آزاد جموں و کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ جموں و کشمیر لبریشن سیل کے زیر اہتمام ریلی میں آزاد کشمیر کے دارالعلوم اعلامیہ مظہر سعید شاہ کل، جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر کے کنوینر غلام محمد صفی اور آزاد کشمیر کی سیاسی و عمامی شخصیات سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

آئی جی پنجاب سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کی ملاقات

ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس جناب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی جناب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی اہلیہ سیشلی ٹرانسفر کی درخواست پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز جناب کو ریفیف کی ہدایت کی۔ سینئر کلرک فرحان احمد کی ٹرانسفر کی درخواست پر ڈی آئی جی ایس پی یو کو ریلیف کی ہدایت کی۔ مرحوم اے ایس آئی محمد شاہد کی بیوہ کی درخواست پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز اینڈ فنانس کو ریلیف کی ہدایت کی۔ کانسٹیبل محمد رمضان کی درخواست پر (بقیہ نمبر 41)

اسکولوں کی کی چھٹیاں ختم، رواں سال بھی درسی کتب مارکیٹ میں دستیاب نہیں

بدقسمتی سے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ پر مافیا کا راج برقرار، اردو بازار پبلشرز ایسوسی ایشن کے سب طلبہ کیلئے درسی کتب مارکیٹ میں دستیاب نہیں۔ والدین اپنے بچوں کا کورس پورا کرنے کیلئے بازاروں میں مارے مارے پھر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) اسکولوں کی دو ماہ کی چھٹیاں ختم ہو گئیں لیکن ہر سال کی طرح اس سال بھی سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتابوں کی چھپائی میں تاخیر

کراچی: بلدیہ عظمیٰ کراچی کی جانب سے کیڈز میں بنائی جانے والی سی ڈو کا یک خوب صورت بیرونی منظر

تجارتی روابط کو نئی منڈیوں تک وسعت دی جائے: خادم حسین

امریکی تکنیکی و مالی تعاون معدنی وسائل کو بروئے کار لانے میں مددگار ہو سکتا ہے

لاہور (ڈیلی این این) کاؤنٹر رکرو ٹ سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈیجیٹ کمپنی کے پروڈاکٹ ڈائریکٹر کے رکن، سینئر ٹاسک فورس فیڈ ورز پروڈ ہوز اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدے کے عملی نتائج تاحال ظہور واضح نہیں اور کس انداز میں ملنڈ کیا جا سکتا ہے 19 فیصد ٹیرف بھی ہماری برآمدی صلاحیت کے لیے ایک چیلنج بن سکتا ہے۔

79 واں یوم آزادی 14 اگست کو شایانِ شان طریقے سے منانے کا اعلان

ملک بھر میں تقریبات، پرچم کشائی، ریلیاں، حضوری باغ میں مرکزی تقریب، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (ڈیلی این این) ملک بھر میں 79 واں یوم آزادی 14 اگست بروز جمعرات کو شایانِ شان طریقے سے منایا جائے گا۔ حکومت کی جانب سے اس دن عام تعطیل کا سرکاری اعلان کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر کے تمام سرکاری دفاتر، سول سیکرٹریٹ اور اداروں کو 14 اگست بروز ہفتہ کی چھٹی کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ یکم اگست سے 14 اگست تک جاری جشنِ آزادی تقریبات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، جن میں ریلیاں، سجاوٹ، قومی پرچم کشائی، ثقافتی وملی سرگرمیاں شامل ہیں۔ یہ مرکزی تقریب 14 اگست کو حضوری باغ لاہور میں ہوگی۔

پاسبان حریت جموں کشمیر کے زیر اہتمام دارالحکومت میں بھارت کیخلاف احتجاجی ریلی کا انعقاد

مظفر آباد (این این آئی) 5 اگست یوم استحصال کے موقع پر پاسبان حریت جموں کشمیر کے زیر اہتمام دارالحکومت میں بھارت کیخلاف احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ کشمیری خواتین، بزرگ، بچیاں اور نوجوان بڑی تعداد میں 5 اگست کے اقدامات کیخلاف مظاہرے میں شریک ہوئے۔ مظاہرے میں شریک شہریوں نے سیاہ جھنڈے لہرا کر مودی کے اقدامات کیخلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین نے سیاہ بینرز اٹھا رکھے تھے۔

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت اہم اجلاس

اقلیتی ہفتہ 7 تا 11 اگست کی تقریبات سے متعلق انتظامات کا جائزہ لیا گیا، مختلف اقلیتی ممبران پنجاب اسمبلی اور مختلف محکموں کے نمائندگان کی شرکت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت ان کے کیمپ آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں 7 تا 11 اگست 2025 کو منائے جانے والے "اقلیتی ہفتہ" کی تقریبات سے متعلق انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور کے سیکرٹری فرید احمد خٹڑ، چیئرمین اسٹیٹ لنگ کمیٹی فلپس کرسٹوفر ایم پی اے، ایم پی اے ایاز فول آخر، شکیلہ جاوید آخر، طارق مسیح گل، وسیم اکرم، سیکشن آفیسر ایڈمن HR&MA سمیت دیگر اہم شخصیات اور محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے اجلاس کے شرکاء کو تفصیلات (بقیہ نمبر 39)

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کی صدارت کر رہے ہیں

نارووال: ریسکیو ٹیم بس کے نالے میں گرنے پر مسافروں کو باہر نکال رہی ہے

بونے بیٹے کو خودکشی پر مجبور کیا، بچوں کے ساتھ خودکشی کرنے والے اور نگریب کے والد کا الزام

میرے بیٹے نے اپنی بیوی کو کسی غیر مرد کے ساتھ بات کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا تھا، دے کر اسے اپنے بیٹے کی خوشی کا ذمے دار قرار دیا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے متوفی اور نگریب عالم کے والد نے بتایا کہ ان کا بیٹا کرائے پر چنگ منیفرجلاتا تھا

کراچی (این این آئی) کراچی میں چند روز قبل دم کشی کے ساتھ سمندر میں کود کر خودکشی کرنے والے اور نگریب عالم کے اکلوتے بیٹے کو بیوہ کردار قرار دے کر اور نگریب عالم کے والد نے الزام لگایا کہ بیٹے کو خودکشی پر مجبور کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سرجانی ٹاؤن کے علاقے گلشن عارف میں واقع اپنے گھر میں اور نگریب عالم کے ساتھ اس کے بچوں کی تشدد زدہ لاش ملی، پولیس کے مطابق اور نگریب عالم کے والد نے الزام لگایا کہ بیٹے کو بیوی کے ساتھ کسی غیر مرد کو بات کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا تھا، جس کی وجہ سے بیٹے کو بیوی کو قتل کرنے پر مجبور کیا گیا۔ اور نگریب عالم کے والد نے بتایا کہ ان کا بیٹا کرائے پر چنگ منیفرجلاتا تھا

کراچی: فائرنگ کے مختلف واقعات میں چار افراد زخمی

زخمیوں کی شناخت 65 سالہ غیر ملکی، اس کے بچوں 27 سالہ عمر اور زلی اور 35 سالہ انور اور 25 سالہ رضوان کے ناموں سے کی گئی

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن میں پراپرٹی کے تنازعے پر جھگڑے کے دوران تیز دھار آلہ کے وار سے باپ اور بیٹے سمیت تین افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سرجانی ٹاؤن کے علاقے گلشن عارف میں جھگڑے کے دوران تیز دھار آلہ کے وار سے تین افراد زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے جناح شہید اسپتال لیجایا گیا۔ سرجانی ٹاؤن پولیس حکام کے مطابق جھگڑے پراپرٹی کے تنازعے پیش آیا تھا۔

نارووال: یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی جا رہی ہے

کراچی: خاوند سے خاتون کی تشدد زدہ لاش برآمد، شوہر زیر حراست

کراچی (این این آئی) نیو کراچی غنیمہ گوٹھ میں گھر سے خاتون کی تشدد زدہ لاش ملی، پولیس کے خاتون کے شوہر کو تحقیق کرنے کے شبہ میں حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیو کراچی انڈسٹریل ایریا کے علاقے غنیمہ گوٹھ کبری ممبر کے قریب گھر سے 22 سالہ خاتون کی تشدد زدہ لاش ملی، جاں بحق ہونے والی خاتون کی لاش جعلی ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت 22 سالہ شکیلہ زوجہ وزیر کے نام سے کی گئی تاہم فوری طور پر جوہر موت کا تعین نہیں کیا جا سکا، جوہر موت کا تعین کرنے کے لیے جاں بحق ہونے والی خاتون کا پوسٹ مارٹم کروایا جائے گا۔

پاسبان حریت جموں کشمیر کے زیر اہتمام دارالحکومت میں بھارت کیخلاف احتجاجی ریلی کا انعقاد

مظفر آباد (این این آئی) 5 اگست یوم استحصال کے موقع پر پاسبان حریت جموں کشمیر کے زیر اہتمام دارالحکومت میں بھارت کیخلاف احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ کشمیری خواتین، بزرگ، بچیاں اور نوجوان بڑی تعداد میں 5 اگست کے اقدامات کیخلاف مظاہرے میں شریک ہوئے۔ مظاہرے میں شریک شہریوں نے سیاہ جھنڈے لہرا کر مودی کے اقدامات کیخلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین نے سیاہ بینرز اٹھا رکھے تھے۔

کراچی: فائرنگ کے مختلف واقعات میں چار افراد زخمی

زخمیوں کی شناخت 65 سالہ غیر ملکی، اس کے بچوں 27 سالہ عمر اور زلی اور 35 سالہ انور اور 25 سالہ رضوان کے ناموں سے کی گئی

کراچی (این این آئی) سرجانی ٹاؤن میں پراپرٹی کے تنازعے پر جھگڑے کے دوران تیز دھار آلہ کے وار سے باپ اور بیٹے سمیت تین افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سرجانی ٹاؤن کے علاقے گلشن عارف میں

عدالتی کرپشن کا حصہ کون سا جج کرپٹ ہوں جانتا جسٹس محسن اختر کیانی

بس چلے تو رشوت کو قانونی طور پر لاگو کر دیں، اداروں میں پیسے کیسے بٹوڑے جاتے ہیں، ان کا بس نہیں چلتا، نہیں تو یہ رشوت کو قانونی طور پر لاگو کر دیں، کڈنی کلنٹر کی تعداد کس زیادہ ہے کہا یہ جانتا ہوں ہمارا کون سا جج کرپٹ ہے، مجھے سب پتہ

اسلام آباد (خبر نگار) اسلام آباد ہائیکورٹ میں وفاقی دارالحکومت میں پٹواریوں کی خالی نشستوں پر بھرتیوں سے متعلق درخواست کی سماعت میں جسٹس محسن اختر کیانی نے تحت ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈپٹی کلنٹر کو نہیں پتہ کہ ان کا کون آدمی کرپٹ ہے؟ جانتا ہوں ہمارا کون سا جج کرپٹ ہے، مجھے سب پتہ (بقیہ نمبر 37)

کراچی: یوم استحصال کشمیر کے موقع پر حریت رہنما مشعال ملک مزار قائد پر حاضری کے موقع پر دعا مانگ رہی ہیں

اوپن مارکیٹ میں ڈالر 283 روپے سے تجاوز کر گیا، یورو اور پاؤنڈ بھی مہنگے

کرنسی مارکیٹ میں ڈالر، یورو، پاؤنڈ، درہم اور ریال کی قیمتوں میں اضافہ، روپیہ دباؤ کا شکار

لاہور (ڈیلی این این) ملک کی کرنسی مارکیٹ میں 5 اگست 2025 کو امریکی ڈالر سمیت دیگر غیر ملکی کرنسیوں کے مقابلے میں پاکستانی روپیہ دباؤ کا شکار رہا۔ مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت فروخت 283.10 روپے جبکہ خریداری کی قیمت 282.60 روپے ریکارڈ کی گئی۔ دیگر کرنسیوں کی صورتحال بھی اسی طرح رہی۔ یورو 327.87 روپے میں فروخت ہو گیا جبکہ اس کی خریداری 327.29 روپے پر ہوئی۔ برطانوی پاؤنڈ کی قیمت فروخت 376.12 اور خرید 375.45 روپے رہی۔ خلیجی کرنسیوں میں سعودی ریال 75.47 روپے میں فروخت ہوا جبکہ خرید 75.34 روپے پر ہوئی۔ اماراتی درہم کی قیمت فروخت 77.09 جبکہ خرید 76.96 روپے ریکارڈ کی گئی۔ آسٹریلوی ڈالر 183.58 اور کینیڈین ڈالر (بقیہ نمبر 36) از

پاکستان ہر فرد پر کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا، ابراہیم مراد

عالمی برادری کو مظالم پر خاموشی ترک کر کے مؤثر اقدام کرنا چاہئے، سابق صوبائی وزیر کا یوم استحصال کشمیر پر پیغام

لاہور (ڈیلی این این) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر سابق صوبائی وزیر ابراہیم مراد نے کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ہر ہر کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کو ان کے بنیادی حق خودارادیت سے محروم رکھنا انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے، جس پر عالمی برادری کو خاموش تماشائی بننے کے بجائے مؤثر اور عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ ابراہیم مراد نے کہا کہ بھارت کی جانب سے 5 اگست 2019 کو متعدد کشمیری خصوصی حیثیت کے خاتمے کے بعد کشمیری عوام پر ظلم و جبر میں مزید اضافہ ہوا

کراچی: یوم استحصال کشمیر کے موقع پر پریس کلب کے باہر شہید بے نظیر بھٹو لیاری یونیورسٹی کی طالبات معرکہ حق ریلی کے دوران کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کر رہی ہیں

لیمکو کا ڈیڈ ڈیفالٹرز اربوں کی ریکوری کیلئے اقساط کی آن لائن سہولت کا فیصلہ

33 ارب روپے کے واجبات کی وصولی کیلئے آن لائن اقساط کی سہولت

آن لائن لنک چیکس، ناردا و دیگر اداروں سے منسلک ہوگا، لیمکو نے متعدد ملکی جیتے میں لے رکھی ہیں، مراسلہ

لاہور (ڈیلی این این) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیمکو) نے ڈیڈ ڈیفالٹرز کے 33 ارب روپے کے واجبات کی وصولی کے لیے بڑا فیصلہ کر لیا ہے۔ واجبات کی ریکوری کے لیے آن لائن اقساط کی سہولت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر سٹمر سروسز عباس علی کی جانب سے جاری کردہ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ ڈیڈ ڈیفالٹرز کیلئے آن لائن اقساط کی لنک جاری کیا جائے گا جس کے ذریعے صارفین اپنی واجبات کی ادائیگی آسان اقساط میں کر سکیں گے۔ مراسلے میں واضح کیا گیا ہے

لاہور: سی ٹی ڈی مقابلے میں مبینہ گینگ ریپ کیس کا چوتھا ملزم ہلاک

ایل ڈی اے سٹی کے قریب ملزم عبدالمطلب اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا، کرکٹ بلا برآمد، ذرائع

لاہور (ڈیلی این این) لاہور میں سی ٹی ڈی ہاؤس کا ایک اور مبینہ پولیس مقابلہ سامنے آیا ہے، جس میں ایک مشتبہ ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کا نشانہ بن کر ہلاک ہو گیا۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق یہ مبینہ مقابلہ ایل ڈی اے سٹی کے قریب پیش آیا۔ ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت عبدالمطلب کے نام سے ہوئی ہے، اور پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ اس کا تعلق مکمل طور پر چوہنگ گینگ ریپ کیس (بقیہ نمبر 37)

پنجاب میں جدید ڈی ڈی سی پی کمیونٹی کلب کے قیام کا فیصلہ

جم، یوگا، سوئمنگ، انڈور گیمز، لائبریری، کیفے اور کچرل سٹیج سمیت ان ڈور و آؤٹ ڈور گیمز کی سہولت موجود ہوگی

لاہور (ڈیلی این این) پنجاب حکومت نے شہریوں کے لیے تفریح، تعلیم اور صحت مندانہ سرگرمیوں کی فراہمی کو فروغ دینے کے لیے ڈی ڈی سی پی (ڈرائم ڈیولپمنٹ کارپوریشن پنجاب) کے تحت جدید کمیونٹی کلب قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ مجوزہ ڈی ڈی سی پی کمیونٹی کلب میں جم، یوگا، سوئمنگ پول، سپورٹس فیسلٹیز، بچوں کے لیے پلے ایریا اور ای لرننگ زون کی سہولیات شامل ہوں گی۔

بچوں کو گود لینے کے بہانے امریکا اسمگلنگ، ایف آئی اے نے بچی این جی او کی چیئرپرسن کو گرفتار کر لیا

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے نے غیر این جی او کی چیئرپرسن کو گرفتار کر لیا ملزمہ جعلسازی سے بچوں کو گود لینے کے نام پر امریکا اسمگل کرتی تھی۔ ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے کارروائی کرتے ہوئے غیر این جی او کی چیئرپرسن کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمہ معصوم بچوں کی غیر قانونی اسمگلنگ میں ملوث پائی گئی۔

خیبر پور میں پسند کی شادی کرنے والی خاتون کو قتل کر دیا گیا

خیبر پور (این این آئی) سندھ کے ضلع خیبر پور میں پسند کی شادی کرنے والی خاتون کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق کھبڑ کی رضا کالونی میں گھر سے خاتون کی تشدد زدہ لاش ملی، ابتدائی تفتیش کے مطابق پسند کی شادی کرنے والے جوڑے پر لڑکیوں کے ذریعے تشدد کیا گیا، پہر میں خاتون جان کی بازی ہار گئی، مقتولہ کے شوہر کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق مقتولہ کے شوہر کی حالت بہتر ہونے پر بیان ریکارڈ کیا جائے گا۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
جنرل ایڈیٹر	صوف الطاف چوہدری
سینئر ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شبیر دلمیاں
لیگل ایڈوائزر	بیرسٹر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ
پبلشر	احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 بلاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کچے میں ڈاکوؤں کیخلاف بڑا آپریشن، سی ڈی نے 2.59 ارب فنڈز مانگ لیے

راجن پور، مظفر گڑھ، رحیم یار خان میں آپریشن سے قبل سی ڈی نے فنڈز کی منظوری کیلئے پلان تیار کر لیا

لاہور (ڈیلی این این) کچے کے علاقوں میں ڈاکوؤں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کے پیش نظر وزیر اعلیٰ پنجاب نے کاؤنٹر کرائم ڈپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا ہے۔ راجن پور، مظفر گڑھ اور رحیم یار خان میں بڑے پیمانے پر آپریشن کی تیاری کی جا رہی ہے۔ آپریشن سے قبل سی ڈی نے حکومت پنجاب سے 2 ارب 59 کروڑ روپے کے فنڈز کی ڈیمانڈ کر دی ہے۔ دستاویزات کے مطابق 80 کروڑ روپے انعامی رقوم، 75 کروڑ خفیہ فنڈز اور 80 کروڑ سائنسی تحقیق کے لیے مانگے گئے ہیں۔ مزید برآں، 7 ارب 58 کروڑ 10 لاکھ روپے آپریشنی ضروریات کے لیے بھی مختص کرنے کی درخواست دی گئی ہے، جبکہ سی ڈی کے مطابق یہ تمام رقم عوامی ٹیکسوں سے خرچ کی جائے گی۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ 533 کروڑ کی حالیہ کٹوتی کے باوجود سی ڈی کی جانب سے مزید فنڈز کا مطالبہ

لاہور: سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھر صوبے بھر میں چینی سپلائی کی صورتحال پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں